© rasailojaraid.com



# تحقیق حدیث کے جدید اصول۔ تنقیدی جائزہ

تحریر: جناب عاصم نعیم
لیکچرار اسلامیات، گورنمنٹ کالج بھکر

مولانا امین احسن اصلاحی قرآن اور حدیث وسنت کے باہمی تعلق کے بارے میں ایک مخصوص فکر رکھتے ہیں ان کی نظر میں قرآن اور حدیث وسنت کے باہمی تعلق کا تمام تر انحصار حدیث کی صحت وعدم صحت پر ہے۔ حدیث کا تمام تر ذخیرہ اخبار آحاد پر مشتمل ہے اور اخبار آحاد شک وشبہ سے پاک نہیں ہیں اس لئے کتب حدیث میں موجود ہر حدیث قابل تحقیق وتفتیش ہے۔ اسی بنیاد پر اصلاحی صاحب نے حدیث پر تحقیق وتدبر کے اصول وضع کئے ہیں ان کے خیال میں ہر حدیث کو ان اصولوں کی روشنی میں پرکھا جائے جو حدیث ان اصولوں کے مطابق ہو وہ صحیح، بصورت دیگر قابل رد ہے۔

اپنی کتاب "مبادی تدبر حدیث" میں لکھتے ہیں:۔

"علم رسول کے اس عظیم سرمایہ سے جو احادیث کی شکل میں امت کو منتقل ہوا، حقیقی معنوں میں فیض یاب ہونے کے لئے تدبر حدیث ضروری ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے حدیث کے طالب علم کے پیش نظر چند بنیادی رہنما اصول رہنے چاہییں۔ ان سے ہٹ کر اگر اس فن کا مطالعہ کیا جائے گا تو نہ صرف یہ کہ جگہ جگہ الجھنیں پیدا ہوں گی، بلکہ ٹھوکر کھانے اور بھٹکنے کا بھی احتمال ہے۔"(۱)

"مبادی تدبر حدیث" کے تیسرے اور چوتھے باب میں تدبر حدیث کے چند بنیادی اصول اور حدیث کے غث وسمین میں امتیاز کے لئے اساسی کسوٹیاں بیان کی ہیں۔ متن حدیث پر غور وتدبر کے اصلاحی اصولوں کو مختصراً حسب ذیل نکات میں بیان کیا جاسکتا ہے:۔

۱۔ قرآن مجید ہی امتیاز کی کسوٹی ہے۔

۲۔ ہر حدیث، احادیث کے مجموعی نظام کا ایک جزو ہے۔

۳۔ جو حدیث عمل معروف کے اور سنت معلومہ کے خلاف ہو، قابل رد ہے۔

۴۔ حدیث عقلِ کلی کے مطابق ہونی چاہیے۔

۵۔ اہل ایمان اور اصحاب معرفت کا ذوق بھی صحیح وسقیم حدیث کو پہچان لیتا ہے۔

ان نکات کی وضاحت حسب ذیل ہے:۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## پہلا مبحث: قرآن مجید

اس عنوان کے تحت اصلاحی صاحب رقم طراز ہیں:۔

''دین وشریعت کی ہر چیز کو قرآن مجید کے ترازو میں تولنا اور اس کسوٹی پر پرکھنا ہوگا۔ یہ ایک عام کلیہ ہے۔ یہاں تک کہ اگر کسی حدیث کے باب میں بھی تردد ہوگا، تو وہ بھی اسی ترازو میں تولی جائے گی اس کے لئے کوئی الگ کسوٹی نہیں ہے۔ قرآن بہر حال ہر چیز پر حاکم ہے۔ اگر کوئی حدیث کو قرآن کی کسوٹی سے بالاتر خیال کر کے اس کو بجائے خود میزان قرار دے بیٹھے تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ وہ تعلیمات قرآن کے صریحاً خلاف روایات کو بھی دین سمجھ کر اختیار کر لے گا اور اس طرح اس چیز کو بھی دین بنا دے گا جو دین نہیں ہے قرآن کی کسوٹی پر پوری نہ اترنے والی ہر روایت یا تو موضوع ہے یا ہم تک صحیح حالت میں منتقل نہیں ہوئی۔ اس وجہ سے اس سے دین کو محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ یہ بات عقلاً اور شرعاً محال ہے کہ رسول کی کوئی بات، اللہ تعالیٰ کی بات کے خلاف ہو۔ چنانچہ اس اصول پر اہل فن کا اتفاق رہا ہے کہ جو حدیث قرآن کے خلاف ہوگی وہ منکر ہے۔'' (۲) اپنی رائے کی تائید میں ایک حدیث بھی پیش کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

''عنقریب تمہارے سامنے مجھ سے منسوب ایسی روایتیں آئیں گی جو باہم دگر متناقض ہوں گی تو جو کتاب اللہ اور میری سنت کے موافق ہوں تو وہ مجھ سے ہیں اور جو کتاب اللہ اور میری سنت کے مخالف ہوں وہ مجھ سے نہیں۔'' (۳)

بعد ازاں وہ سنت کے قرآن پر حاکم ہونے کے نظریے (**السنة قاضية على القرآن**) کو رد کرتے ہیں اور اپنی تائید میں امام احمد بن حنبلؒ کا قول **ما اجسر على هذا ان اقوله** پیش کرتے ہیں۔ قرآن حکیم اور سنت رسول اللہ ﷺ کی باہمی تعلق کی علماء نے چار چار حیثیتیں بیان کی ہیں:۔

الف۔ حدیث وسنت میں کوئی ایسی چیز ہو جو **من کل الو جوه** قرآن کے موافق ہو۔

ب۔ وہ احادیث جو قرآن کی تفسیر اور بیان کی حیثیت رکھتی ہیں۔

ج۔ حدیث وسنت کسی ایسے حکم پر مشتمل ہو جس سے کسی چیز کا وجوب یا حرمت ثابت ہوتی ہو درآں حالیکہ قرآن میں اس کے وجوب یا حرمت کی صراحت نہیں ہے۔

د۔ حدیث یا سنت میں کوئی ایسی بات ہو جو صریحاً قرآن سے متصادم اور معارض ہو۔'' (۴)

ان میں سے پہلی شق کے علاوہ باقی تین شقوں کے بارے میں اصلاحی صاحب کی آراء ائمہ اسلاف کی فکر سے مختلف ہیں۔ قرآن حکیم کی تشریح وتبیین میں حدیث وسنت کے کردار کو محدود اور مقید کر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے کا ثبوت ان کی تفسیر "تدبر قرآن" ہے۔ ہزاروں صفحات پر مشتمل تفسیر میں چند احادیث کا تذکرہ کیا ہے۔ انہوں نے حدیث وسنت کے اِن احکام پر جوزائد علی القرآن ہیں، ایسی کڑی شرائط عائد کی ہیں کہ حدیث کی مستقل تشریعی واستنادی حیثیت بھی محدود ہوگئی ہے۔ حدیث وسنت کے احکام پر قرآن حکیم کی موافقت کی شرط عائد کرنا، حدیث کی مستقل تشریعی حیثیت کو مقید کرنے کے مترادف ہے امام شافعیؒ نے اس فکر کو قرآن وحدیث سے بے خبری کا نام دیا ہے۔" (۵)

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی علیہ السلام کی اطاعت واتباع کا مطلقاً حکم فرمایا ہے۔ اسے کسی چیز سے مقید نہیں کیا اور نہ اس میں کوئی تخصیص ہے۔ نبی ﷺ کے احکام اجمال اور تفصیل ہر اعتبار سے قرآن کے موافق ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن کا جو فہم پیغمبر کو حاصل ہے وہ کسی دوسرے کو حاصل نہیں ہوسکتا۔ اللہ کا رسول ایسی بات کیوں کر کہ سکتا ہے جو قرآن کے مطابق نہ ہو حالاں کہ قران ہی کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہدایت دی ہے۔ امام شافعیؒ نے الرسالہ میں اس موضوع کو صراحت سے بیان کیا ہے کہ: **"لایخالف حدیث، کتاب الله ابداً"** (۶) قرآن حکیم میں ارشاد ہوتا ہے:۔

"قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآءِ نَفْسِيْ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰى اِلَيَّ" (۷)

(آپ کہہ دیجئیے! کہ مجھے یہ حق نہیں ہے کہ میں اپنی طرف سے اس قرآن میں کوئی ردوبدل کرسکوں میں تو صرف اسی کا اتباع کرتا ہوں جو میرے پاس وحی سے پہنچتا ہے)

گویا رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ سرزد ہوتا ہے اگر اس کی نسبت آپ سے درست ہے تو وہ قرآن کے خلاف نہیں ہے۔ جہاں تک ان روایات کا تعلق ہے جن میں کہا گیا ہے کہ احادیث کو کتاب اللہ سے جانچا جائے، جو موافق ہوں ان کو قبول اور باقی کو رد کردیا جائے یا حدیث کو ان چیزوں سے جانچا جائے، جسے لوگ جانتے ہوں اور وہ ان کے درمیان معروف ہوں تو ایسی روایات تمام ترضعیف اور منقطع ہیں جیسا کہ بیہقی، ابن حزم اور دیگر محدثین کا بیان ہے۔ رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ بھی صادر ہوتا ہے، وہ عقل سلیم کے مطابق اور حسن وجمال سے معمور ہوتا ہے۔ بعض اوقات عقل اس کے ادراک سے قاصر رہتی ہے۔ لہٰذا اگر قابل اعتماد اور ثقہ راوی کسی حدیث کو روایت کریں اور وہ قرآن حکیم کے صریحاً متضاد نہ ہو تو اس کے بارے میں حسن ظن رکھا جائے اور اس کے تقاضوں پر عمل کیا جائے۔ حدیث اگر قرآن کے ظاہری معنوں کے مطابق نہیں بھی ہے تو اس سے حدیث کا قرآن کے مخالف ہونا لازم نہیں آتا۔ رسول اللہ ﷺ نے صرف ایسی حدیث کو رد کرنے کا حکم دیا ہے جو قرآن کے مخالف ہو۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ایسی حدیث جو قرآن کے موافق ہو نہ مخالف، اس کو بھی رد کردیا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سنت وحدیث ایک مستقل حجیت شرعیہ ہے اور کسی چیز کے حلال قرار دینے یا حرام کرنے میں اس کا درجہ قرآن حکیم ہی کی طرح ہے۔ مروی ہے کہ مشہور تابعی عبدالرحمٰن بن یزید نخعی نے موسم حج میں ایک شخص کو حالت احرام میں سلے ہوئے کپڑے پہنے دیکھا تو اس کے پاس جا کر سلا ہوا لباس اتارنے اور لباس احرام کیلئے سنت نبوی کو اپنانے کا مشورہ دیا۔ اس شخص نے عبدالرحمٰن سے کہا: آپ میرے اس لباس کے بارے میں جو اختلاف کر رہے ہیں اس کی تائید میں کتاب اللہ کی کوئی آیت پیش کریں (کہ اللہ تعالیٰ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا) یہ سن کر عبدالرحمٰن نے اس کو یہ آیت: [ وَمَا اٰتَاکُمُ الرَّسُوْلُ ...... الخ (۸)، پڑھ کر سنائی۔ (۹)

گویا شریعت کے حکم کو اگر تائیدِ نبوی ﷺ حاصل ہے اور وہ قرآن میں مذکور نہیں ہے تو بھی وہ حکم قرآن کے مطابق سمجھا جائے گا۔

امام شافعیؒ کہتے ہیں:

وذلک انهامقرونتمع کتاب الله، وان الله افترض طاعة رسوله وحتم علی الناس اتباع امره فلایجوزأن یقال، یقول، الا لکتاب الله ثم سنة رسوله (۱۰)

(سنت کتاب اللہ کے ساتھ مقرون ہے اللہ تعالیٰ نے اطاعت رسول کو فرض قرار دیا ہے اور آپ کے حکم کی اتباع کو انسانوں پر حتمی قرار دیا ہے۔ پس کسی کے لئے یہ کہنا جائز نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے صرف کتاب اللہ کو فرض کیا، پھر اس کے بعد اپنے رسول کی سنت کو)

ملا علی قاری فرماتے ہیں:

"دنیا اور عقبیٰ کی کامیابی کا راز کتاب اللہ کی تابعداری میں مضمر ہے اور کتاب اللہ کی تابعداری نبی ﷺ کی سنت کی معرفت پر موقوف ہے پس کتاب اللہ اور سنت رسول از روئے شریعت باہم دگر لازم وملزوم ہیں اور ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتے۔" (۱۱)

سنت کے مقابلے میں قرآن کا مرتبہ اس اعتبار سے ممتاز و بلند و بالا ہے۔ کہ اس کے الفاظ منزل من اللہ ہیں اس کی تلاوت کا حکم ہے اور وہ انسان کو اس جیسا کلام پیش کرنے سے عاجز کرتا ہے۔ جب کہ سنت ان گوشوں میں برتری میں قرآن سے پیچھے ہے تاہم دونوں من جانب اللہ ہیں ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں حقیقتاً باہم کوئی اختلاف اور تعارض ہونا ممکن نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے جو معصوم عن الکذب ہیں بتایا ہے کہ ان پر قرآن نازل کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ دوسری چیز کی بھی وحی کی گئی ہے اور یہ کہ جو احکام آپ نے بیان کئے ہیں اور قانون کے طور پر مقرر فرمائے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ ہی نے بطور قانون مقرر فرمایا ہے اور یہ کہ جس شخص نے آپ کی اطاعت کی اور آپ کی سنت کو مضبوطی سے پکڑا اس نے در حقیقت اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور یہ کہ آپ کی ذات سے ہمیشہ حق ہی کا صدور ہوتا ہے۔

ابوداود ترمذی اور حاکم نے حضرت مقدام بن معدی کرب سے روایت کیا ہے کہ: رسول ﷺ نے فرمایا:

> ''سن لو کہ مجھے قرآن اور اس کے ساتھ اسی کے مثل دوسری چیز بھی عطا کی گئی ہے۔ سن لو کہ یہ قریب ہے کہ ایک شخص شکم سیر (آسودگی کے ساتھ) مسند نشین ہو کر کہے کہ تم صرف اس قرآن کو مضبوطی سے پکڑ لو اس میں تم جو چیز حلال پاؤ صرف اس کو حلال سمجھو اور جو چیز تم اس میں حرام پاؤ اسے حرام سمجھو حالاں کہ جن چیزوں کو اللہ کے رسول ﷺ نے حرام قرار دیا ہے وہ ان ہی کے مثل ہیں جن کو اللہ نے حرام قرار دیا ہے۔'' (۱۲)

## رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب حدیث اور صراحت قرآن کی مخالفت

البتہ رسول ﷺ کی طرف منسوب حدیث صراحت قرآن کے خلاف ہو اور اس کی کوئی تاویل نہ ہو سکتی ہو تو اس کے متعلق محدثین کا متفقہ فیصلہ ہے کہ اسے رد کر دیا جائے گا۔ ابن القیم، ابن الجوزی، محمد طاہر پٹنی، ملا علی قاری وغیرھم نے اپنی اپنی کتب موضوعات میں اس معیار کی نشاندہی کی ہے۔ مصطفیٰ سباعی لکھتے ہیں:

**مخالفته لصريح القرآن بحيث لا يقبل التاويل (۱۳)**

(حدیث کی مخالفت صریح قرآن کے خلاف اس طرح ہو کہ تاویل قبول نہ کرے)

یہ اصول صحابہ کرامؓ کے دور میں بھی موجود تھا وہ جب کسی ایک حدیث کو سنتے جو قرآنی تعلیمات یا سنت نبویؐ سے مطابقت نہ رکھتی تو اس پر بلا جھجک تنقید کرتے اس کا راوی خواہ کوئی بھی ہوتا مثلاً حضرت عائشہؓ کے سامنے جب یہ حدیث بیان کی گئی کہ نوحہ کرنے سے مردے پر عذاب ہوتا ہے تو انہوں نے فرمایا: حسبكم القرآن (تمہارے لئے قرآن کافی ہے) اور آیت: [وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى] (۱۴) (کوئی جان کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گی) سے اس کا رد کیا۔ (۱۵)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محدثین وفقہاء نے قرآنی مضامین سے صریحاً متعارض احادیث کو رد کیا۔ مثال کے طور پر ابتدائے خلق کے بارے میں مسلم کی یہ روایت کہ اللہ نے زمین کو سنیچر کے دن، پہاڑوں کو اتوار کے دن، درخت کو پیر کو، ناپسندیدہ چیزوں کو منگل کے دن، نور کو بدھ کے دن، جانوروں کو جمعرات کے دن، اور آدم کو مخلوق میں سے آخر میں جمعہ کے دن آخری ساعات یعنی عصر اور رات کے درمیان پیدا فرمایا(۱۶) اس روایت کو محدثین نے اس لئے موضوع قرار دیا کہ یہ قرآن کی آیت ''خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَہُمَافِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ''(۱۷)

(ہم نے انسانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی جو کچھ ہے کو چھ دنوں میں پیدا فرمایا ہے)

کے صریحاً خلاف ہے۔ اس لئے کہ ایک تو اس روایت میں پیدائش کی مدت قرآن کے برعکس سات دن بیان کی گئی ہے دوسرے اس روایت میں آسمان کی پیدائش کا ذکر ہی نہیں، صرف زمین اور اسکی اشیاء کو سات دن میں پیدا کرنے کا ذکر ہے۔ جبکہ قرآن میں زمین اور اس کی چیزوں کو چار دن میں اور آسمانوں کے دو دن میں پیدا کئے جانے کا ذکر ہے۔(۱۸)

مذکورہ حدیث دراصل کعب احبار کا قول ہے جس کو غلطی سے رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب کر دیا گیا۔ ایسی روایات کے راوی نہایت ثقہ ہیں مگر چوں کہ ان کا متن قرآنی صراحت کے خلاف واقع ہے اس لئے انہیں موضوعات کی فہرست میں شمار کیا گیا ہے۔ ایسی روایات میں ابن الجوزی کے بقول، بخاری ومسلم کی ایک ایک، سنن ابی داؤد کی نو، نسائی کی دس، ترمذی اور ابن ماجہ کی تیس تیس، مسند احمد کی اڑتیس اور مستدرک کی ساٹھ روایات شامل ہیں(۱۹)

کتاب الموضوعات کے محقق ڈاکٹر نورالدین شکری ابن الجوزی کے معیار انتخاب کے بارے میں لکھتے ہیں:

> فان کان متن الحدیث یخالف القطعی من القرآن مخالفة لا یمکن معها الجمع بینهما، ولا معرفة المتأخر منهما، یرد الحدیث، و یحکم علیه بالضعف الشدید أو بالوضع(۲۰)
>
> (پس اگر حدیث کا متن قرآن کی قطعیت کے مخالف ہو، ان دونوں کے درمیان جمع وتطبیق بھی نہ ہو سکے اور نہ ہی متاخر کی پہچان ہو سکے، تو حدیث کو رد کر دیا جائے گا اور اس پر ضعفِ شدید یا وضع کا حکم لگایا جائے گا)

ملا علی قاریؒ نے دنیا کی عمر کے بارے میں حدیث: انها سبعة آلاف سنة ونحن فی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**الآلاف السابعة** (دنیا کی عمر سات ہزار سال ہے اور ہم ساتویں ہزار سال میں ہیں) کو بھی رد کر دیا کہ یہ قرآن حکیم کی ان آیتوں کے خلاف ہے جن میں کہا گیا ہے کہ قیامت کا علم اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ (۲۱)

محدثین نے اس علامت کا ذکر اور اس کی بنا پر موضوع قرار دی جانے والی احادیث کی صراحت اپنی کتابوں میں کر دی ہے۔

اصلاحی صاحب نے اپنی کتاب میں سلف کے اسی اصول کو بیان کیا ہے۔ تاہم انہوں نے اس کا عملی انطباق کرتے ہوئے حدیث رجم اور ان بہت سی احادیث کو قابل اعتناء قرار نہیں دیا جو قرآن حکیم کے کسی حکم کی وضاحت و تشریح یا الگ تشریعی حیثیت کی حامل ہیں انہوں نے ایسی احادیث کو بھی قرآن کی تعلیمات کے برعکس قرار دیا جنہیں فقہاء نے اپنی کتب اصول فقہ میں خاص، عام، مطلق، اور مقید وغیرہ کی بحثوں میں ذکر کیا ہے۔ اصول فقہ میں قرآن اور احادیث سے استدلال کرنے میں فقہاء کی آراء مختلف ہوئی ہیں۔ بعض فقہا کے نزدیک ایک حدیث قرآن کے مطالب کے معارض ہوتی ہے جب کہ دوسرے فقہاء اس حدیث و روایت کو قرآن کے معارض نہیں سمجھتے مثال کے طور پر حدیث **لانکاح الابولی** (۲۲) (ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا) اور حدیث: **ایما امرأۃ نکحت نفسها بغیر اذن ولیها فنکاحها باطل قال ثلاث** (۲۳) (جس عورت نے اپنا نکاح اپنے ولی کی اجازت کے بغیر کیا اس کا نکاح باطل ہے۔ آپ نے یہ بات تین دفعہ فرمائی)

فقہاء احناف کے نزدیک فرمان باری تعالیٰ "**حَتّٰی تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهٗ**" (۲۴) (یہاں تک کہ وہ کسی دوسرے شوہر سے نکاح کرے) اور ایک اور آیت "**فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ**" (۲۵) (تم انہیں ان کے خاوندوں سے نکاح کرنے سے نہ روکو) کے معارض ہیں، اس لئے ان پر عمل نہ ہوگا۔ جب کہ حضرات شوافع اور حنابلہ کے نزدیک یہ احادیث قرآن کے مطالب کے معارض نہیں ہیں۔ فریقین نے اپنے اپنے موقف کے حق میں دلائل دیئے ہیں۔

یہ مسئلہ خالصتاً اصول فقہ کا ہے۔ جس میں آراء مختلف ہو سکتی ہیں ایک فقیہہ کو ایک روایت مطالب قرآن کے معارض نظر آتی ہے جب کہ دوسرے فقیہہ کو یہ روایت قرآن کی کسی اور نص کے مطابق نظر آتی ہے۔ یہ فہم و بصیرت کا اختلاف ہے۔ جو فطری اصولوں کے مطابق ہے یہ اختلاف حدیث کی قبولیت اور عدم قبولیت اور اثبات حکم کے وجوب اور عدم وجوب میں ہوتا ہے ورنہ فقہاء کی قائم کردہ شرائط سے کسی حدیث کے موضوع ہونے کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ حدیث موضوع کے علاوہ رسول

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللہ ﷺ کی ہر حدیث چاہے وہ حدیث کی کوئی بھی قسم ہو دین وشریعت میں ایک مقام رکھتی ہے جس کا انکارنہیں کیا جاسکتا۔

## دوسرا مبحث: احادیث کا مجموعی نظام

تدبر احادیث کا ایک اور اصول ذکر کرتے ہوئے اصلاحی صاحب کہتے ہیں:۔

"قرآن مجید کی طرح احادیث کا بھی اپنا ایک مجموعی نظام ہے۔ جس سے ہٹ کر نہ تو کسی حدیث کو صحیح طور پر سمجھا جاسکتا ہے اور نہ اس کی تاویل وتوجیہہ ٹھیک طور پر ہو سکتی ہے۔ چنانچہ اس سلسلے کا دوسرا اصول یہ ہے کہ ہر حدیث، احادیث کے مجموعی نظام کا ایک جزو سمجھی جائے گی، جزو کے لئے اپنے مجموعی نظام سے پوری طرح ہم آہنگ ہونا ضروری ہے۔ اگر کوئی حدیث اپنے مجموعی نظام سے بے جوڑ ہوگی تو وہ رد کردی جائے گی مختلف احادیث میں تناقض کی صورت میں احادیث کا یہ مجموعی نظام ہی ہماری رہنمائی کرے گا۔ (۲۶)

تفسیر قرآن میں قرآنی فکر کے حوالے سے جناب امین احسن اصلاحی کا تعلق فراہی مکتب فکر سے ہے جو نظم قرآن کے بہت بڑے حامی اور علم بردار سمجھے جاتے ہیں، نظم قرآن کی فکر جدید نہیں، قدیم ہے۔ متقدمین علماء جیسے مفسر ابو حیان، فخر الدین رازی ابن العربی مالکی اور مولانا اشرف علی تھانوی، نظم قرآن کے قائل تھے۔ تاہم جناب حمید الدین فراہی اور امین احسن اصلاحی نے اس میں یہ جدت پیدا کی کہ انہوں نے اس کو باقاعدہ ایک علم بنا دیا۔ نظم قرآن سے مراد یہ ہے کہ ہر صورت کا خاص عمود یا موضوع ہوتا ہے۔ اور سورت کی تمام آیات حکیمانہ مناسبت اور ترتیب سے اس موضوع سے متعلق ہوتی ہیں۔ ہر ایک آیت اور سورت ایک مجموعی نظام کا جزو ہیں۔ اس غرض ومضمون کے واسطے ان میں سے ایک جملہ ایک دیوار کی اینٹوں کی طرح ایک دوسرے سے مربوط ہوتا ہے۔ (۲۷)

جہاں تک احادیث کے مجموعی نظام کا تعلق ہے تو بات اس حوالے سے درست تو ہے کہ احادیث کا صدور رسول اللہ ﷺ سے ہوا آپ کا قول، فعل، تقریر حدیث کہلاتا ہے۔ آپ ایک انسان تھے۔ آپ نے ایک بھرپور زندگی گذاری۔ زندگی میں مختلف قسم کے حالات سے دوچار ہونا پڑا۔ دعوت وعزیمت میں نت نئے حالات سے سامنا رہا۔ ہر طبقہ کے لوگوں کو تبلیغ کی۔ تبلیغ ودعوت میں مختلف قسم کے لوگوں سے واسطہ پڑا۔ مختلف افراد کو ان کی نفسیات کے مطابق مخاطب کیا۔ بعض اوقات ایک ہی سوال مختلف افراد نے کیا اور آپ نے ان کے ہر فرد کی نفسیات کو ملحوظ رکھ کر جواب دیا۔ مختلف کتب حدیث میں "کتاب الایمان" کے تحت محدثین نے حدیثیں ذکر کی ہیں جن میں آپ ایمانیات کے اجزاء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



متنوع صورتوں اور نوعیتوں میں بیان کرتے ہیں۔ ایک ہی سوال کے مختلف جوابات ارشاد فرماتے ہیں جس طرح قرآن حکیم میں کہیں توحید اور رسالت کے عقائد کا یکجا ذکر ملتا ہے۔ کہیں توحید اور آخرت کا اکٹھا تذکرہ آیا ہے۔ بعض مقامات پر نماز اور زکوٰۃ کا اور کہیں نماز اور دیگر ارکان اسلام کا ذکر ملتا ہے۔ اسی طرح احادیث میں بھی رسول اللہ ﷺ نے دعوت وارشاد میں مختلف اسالیب اختیار کئے ہیں۔

لہٰذا اصلاحی صاحب کا یہ دعویٰ مبہم ہے کہ کوئی حدیث اپنے مجموعی نظام سے بے جوڑ ہوتی ہے اور جو حدیث بے جوڑ ہوگی تو وہ رد کر دی جائے گی۔ البتہ اسی بات کو ایک اور طرح سے بیان کیا جا سکتا ہے کہ محدثین نے بڑی محنت اور عرق ریزی سے اور ناقدانہ جائزہ لے کر احادیث کے مجموعے تیار کئے ہیں اور کوشش کی ہے کہ اپنی قائم کردہ مطلوب شرائط اور معیار پر پورا اترنے والی احادیث کو اپنی کتب میں جمع کر دیا جائے۔ اب اگر کوئی ایسی حدیث سامنے آئے کہ پوری جستجو اور تحقیق کے بعد بھی وہ حدیث مسلمہ کتب حدیث اور ثقہ رواۃ کے ہاں نہ ملے تو اس کے بارے میں شک ہو سکتا ہے۔ تاہم اس بات کا فیصلہ ایک عام شخص نہیں کر سکتا۔ اس کام کی ذمہ داری ایک بڑا محافظِ حدیث ہی لے سکتا ہے۔ جس کے حفظ نے تمام بیشتر احادیث کا احاطہ کیا ہو جیسے امام احمد، علی ابن المدینی، یحییٰ بن معین اور ان کے بعد امام بخاری بو حاتم، ابوزرعہ جیسے لوگ اور ان کے بعد امام نسائی اور دار قطنی جیسے حضرات۔ اور عہد حاضر میں وہ لوگ جو ان تمام ماخذ و مصادر پر گہری نظر رکھتے ہوں احادیث کا وسیع مطالعہ اور سنن نبویہ کا فہم رکھتے ہوں۔ اس لئے کہ وہ ماخذ جن کی بنیاد پر کسی حدیث کے موضوع ہونے کے بارے میں غالب رائے قائم کی جا سکتی ہے۔ وہ صرف طرق روایت کا جمع کرنا اور دور دراز کے علاقوں کی مرویات سے آگا ہی حاصل کرنا ہے تاکہ یہ معلوم ہو کہ راویوں کی یہ حدیث ان کی حدیث کا حصہ نہیں ہے اور رہا وہ شخص جو اس مرتبہ تک نہیں پہنچ سکا تو وہ عدم معرفت کی صورت میں اس کے موضوع ہونے کا فیصلہ کیسے دے سکتا ہے۔ (۲۸)

حافظ ابن حجر نے امام رازی کے حوالے سے لکھا ہے کہ تدوین کتب کے بعد اگر کوئی حدیث ان میں نہ ملے اور ماہرین بھی اس سے بے خبر ہوں تو وہ حدیث باطل ہے۔ امام رازی کی منقولہ عبارت درج ذیل ہے:۔ "راوی ایسے زمانے میں کوئی حدیث بیان کرے جس میں احادیث کا استقراء کیا جا چکا ہے۔ اور انہیں مدون کر دیا گیا ہے اور تفتیش کرنے کے بعد نہ تو اسے لوگوں کے سینوں میں محفوظ پایا اور نہ کتابوں میں موجود تھی"۔ (۲۹)

اس کی مثال میں وہ روایات پیش کی جا سکتی ہیں جو کتب موضوعات میں موجود ہیں مثلاً: ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللہ اخذ المیثاق علی کل مو من ان یبغض کل منافق وعلی کل منا فق ان یبغض کل مو من (اللہ تعالیٰ نے ہر مومن سے یہ عہد لیا ہے کہ وہ ہر منافق سے بغض رکھے گا اور ہر منافق سے یہ عہد لیا ہے کہ وہ ہر مومن سے بغض رکھے گا) ملا علی قاری نے اس حدیث کی حیثیت متعین کرتے ہوئے لم یو جد ھا (یعنی کتب حدیث میں موجود نہیں) (۳۰)

ایک اور حدیث: ان اللہ لا یقبل دعا ء ملحونا (بلا شبہ اللہ تعالیٰ غلط الفاظ سے مانگی ہوئی دعا قبول نہیں کرتا) ملا علی قاری نے اس کے بارے میں کہا: "لا یعر ف لہ الا صل" (یعنی اس روایت کی اصل کا کچھ پتہ نہیں) (۳۱)

علاوہ ازیں اس سلسلے میں محدثین کا ایک اور اصول بھی ہماری راہ نمائی کرے گا کہ کوئی راوی ایسی حدیث بیان کرے کہ اس میں ثقہ راوی کی مخالفت کرے۔ اس مخالفت کی کئی صورتیں ہو سکتی ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ نے مخالفت کے اختلاف کی وجہ سے موسوم ہونے والی احادیث کی اقسام کو الگ الگ بیان کیا ہے۔ مثلاً مدرج، مقلوب، مضطرب، وغیرہ اہم اقسام ہیں۔ علماء حدیث نے بڑی جاں فشانی سے تحقیق کر کے ایسے اصول بنانے کی کوششیں کیں جس سے ایسی احادیث کی معرفت ہو سکے، ان میں جو بھی زیادتی یا کمی راوی کی طرف سے ہوتی ہے اس کو آشکارا کیا اور لوگوں کو اس سے آگاہ کیا۔ جس کے نتیجے میں مدرج،، مقلوب اور مضطرب وغیرہ احادیث متعین ہوئیں اور ان کی معرفت آسان ہو گئی۔

اصلاحی صاحب کا دوسرا نکتہ مختلف احادیث میں تناقض کے بارے میں ہے۔ اس کا تعلق علوم الحدیث کے ایک معروف علم "مختلف الحدیث" سے ہے اس علم میں ان احادیث سے بحث کی جاتی ہے جن میں بظاہر تناقض نظر آتا ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک مقبول حدیث دوسری مقبول حدیث سے متعارض ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ مردود، مقبول حدیث کے معارض نہیں ہو سکتی کیوں کہ وہ تعارض کی صورت میں ساقط ہو جاتی ہے۔ تو ان دونوں میں تطبیق ممکن ہو گی یا ناممکن، اگر تطبیق ممکن ہو تو یہ مختلف الحدیث ہو گی۔ جمع و تطبیق کا طریقہ یہ ہے کہ مطلق احادیث کو مقید اور عام کی تخصیص کر دی جاتی ہے، یا ان کو تعدد واقعہ پر محمول کیا جاتا ہے۔ اس کو "تطبیق حدیث" کا علم بھی کہا جاتا ہے۔ امام نووی "التقریب" میں لکھتے ہیں:۔

"یہ حدیث کا ایک نہایت اہم فن ہے۔ سب علماء کو اس کے جاننے کی ضرورت ہے اس فن کا مقصد یہ ہے کہ دو بظاہر متضاد المعنی احادیث میں جمع و توفیق کی کوشش کی جائے یا ایک کو راجح اور دوسری کو موجوح قرار دیا جائے۔ اس فن میں وہ علماء دسترس رکھتے ہیں جو حدیث و فقہ کے جامع ہوں یا ماہر اصول

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہونے کے ساتھ ساتھ حدیث کے معانی میں مہارت رکھتے ہوں۔ امام شافعیؒ نے اس فن پر تصنیف کا آغاز کیا مگر تکمیل کی نوبت نہ آئی البتہ انہوں نے اس پر کام کی راہ کھول دی۔" (۳۲)

حافظ ابن الصلاح نے اس کی مثال کیلئے مندرجہ ذیل احادیث نقل کی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لاعدوی ولا طیرہ (۳۳) (چھوت چھات اور بدشگونی کی کوئی حیثیت نہیں) دوسری حدیث میں فرمایا: لاعدوی ویحدث ان رسول اللہ ﷺ قال: لایورد ممرض علی مصح (۳۴) (متعدی بیماری کا کوئی وجود نہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بیمار اونٹ کے پاس نہ لایا جائے)۔ ایک اور حدیث ہے: ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چھوت چھات بدشگونی اور ھامہ اور صفر کی حیثیت نہیں اور کوڑھی سے ایسے بھاگو جس طرح تم شیر سے بھاگتے ہو۔ (۳۵)

حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ یہ دونوں حدیثیں صحیحین میں منقول ہیں اور دونوں میں بظاہر تعارض ہے ان میں تطبیق ی گئی ہے کہ جذام یا اس طرح کی بیماری متعدی نہیں ہوتی تاہم ایسی بیماری والا شخص جب تندرست سے میل جول رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس مخالطت کو تعدی کا سبب بنا دیتا ہے۔ لیکن دیگر اسباب کی طرح کبھی یہ سبب بھی کام نہیں کرتا اور میل جول سے بیماری نہیں لگتی۔

علاوہ ازیں جب ایک شخص نے آنحضرت ﷺ سے گذارش کی کہ جب خارش والا اونٹ تندرست اونٹ کے ساتھ ملتا ہے تو تندرست کو بھی خارش ہو جاتی ہے تو آپ نے فرمایا: فمن اعدی الاول (۳۶) (اول کو کس نے خارش پہنچائی) یہ جواب واضح دلیل ہے کہ بیماری عموماً متعدی نہیں ہوتی۔ نہ بالطبع نہ بوجہ مخالطت بلکہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے پہلے فرد میں ابتداءً بیماری پیدا کی دوسرے میں بھی اسی طرح پیدا کی۔ رسول اللہ ﷺ نے مجذوم سے بھاگنے کا حکم کیوں دیا تھا۔ تو اس کا سبب یہ تھا کہ اگر کسی نے جذامی سے میل جول رکھا اور بتقدیر الٰہی اسے ابتداءً جذام ہو گیا تو اسے یہ وہم ہو سکتا ہے کہ اس کا سبب جذامی کا اختلاط ہے اور یہ نظریہ فاسد ہے اس لئے سد ذریعہ کے طور پر رسول اللہ ﷺ نے ایسی صورتحال سے اجتناب کا حکم دیا۔ (۳۷)

امام شافعیؒ (۲۰۴ھ) ابن قتیبہ (۲۷۶ھ) ابن الجوزی (۵۹۲ھ) اور امام طحاوی (۳۲۱ھ) نے مختلف الحدیث کے موضوع پر بیس کتابیں تصنیف کی ہیں۔

بعض دفعہ احادیث میں تعارض اس صورت میں ہوتا ہے کہ ان میں جمع و تطبیق کا امکان نہیں ہو تا تو بعض احادیث کو ناسخ اور بعض کو منسوخ قرار دیا جاتا ہے۔ (۳۸) حدیث ناسخ کا علم بعض اوقات رسول اللہ ﷺ سے بھی حاصل ہوتا ہے جیسے آپ نے فرمایا: "میں تمہیں قبروں کی زیارت سے منع کیا کرتا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھا اب ان کی زیارت کیجیے۔"(۳۹) نیز فرمایا:"میں تمہیں قربانی کے گوشت کا تین دن سے زیادہ ذخیرہ کرنے سے منع کیا کرتا تھا اب اجازت ہے کہ جتنا چاہو کھاؤ"(۴۰)

ناسخ کا پتہ بعض اوقات علمِ سیرت و تاریخ سے بھی چلتا ہے۔ متقدم کو منسوخ اور متاخر کو ناسخ قرار دیا جاتا ہے۔

جن دو خبروں میں تعارض واقع ہو اور دونوں میں تطبیق ناممکن ہو اور ایک کو دوسرے کے لئے ناسخ بھی نہ ٹھہرا جا سکے تو دیکھیں گے کہ سند یا متن کے لحاظ سے کوئی وجہ ترجیح بنتی ہے تو ایک کو ترجیح دی جائے گی ورنہ دونوں پر عمل کرنے سے توقف کیا جائے گا۔ ایسی دونوں حدیثوں کو متوقف فیہ کہیں گے کیوں کہ موجودہ صورت میں گو ترجیح ممکن نہیں لیکن اس کا احتمال ہے کہ آئندہ کوئی شخص ترجیح کی کوئی صورت نکال سکے اس لئے دونوں ساقط نہیں ہوں گی۔ احادیث میں وجوہ ترجیح کے حوالے سے محدثین کے ہاں بحثیں ہیں۔ بسا اوقات ایک سند میں کوئی مجروح راوی نہیں ہوتا۔ اس کے باوجود اس کو صحیح حدیث شمار نہیں کیا جاتا۔ امام حاکم اس کی مثال میں بسند متصل ایک حدیث بروایت ابن عمرؓ، نبی کریم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:"رات دن کی نماز دو دو رکعت اور وتر رات کے آخری میں ایک رکعت ہے۔" امام حاکم فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں مگر اس میں "دن" کے لفظ کا اضافہ وہم پر مبنی ہے۔(۴۱)

## احادیث متعارضہ پر عمل

کچھ حدیثیں بظاہر متعارض نظر آتی ہیں۔ ایک مذہب و مسلک کے حامل ایک حدیث سے اخذ و احتجاج کرتے ہیں تو دوسرے فرقہ والے دوسری حدیث سے حاکم نے احادیث صحیحہ سے اس کی مثالیں ذکر کی ہیں:۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ آپ مفرد بالحج یعنی صرف فریضہ حج ادا کرنے کے لیے تشریف لے گئے تھے۔(۴۲) دوسری حدیث میں ہے کہ آپ نے تمتع کیا تھا۔(۴۳) یعنی عمرہ سے فارغ ہو نے کے بعد حج کے لئے نیا احرام باندھا تھا جبکہ دیگر احادیث سے مستفاد ہوتا ہے کہ آپ قران تھے۔(۴۴) امام شافعی آپ کو مفرد قرار دیتے ہیں، امام ابوحنیفہ قران کے حق میں ہیں۔ ایسی احادیث کے بارے میں فقہاء اپنے متعین کردہ اصولوں کے مطابق حدیث کی قبولیت کا فیصلہ کرتے ہیں اور اس پر عمل کا درجہ متعین کرتے ہیں۔

المختصر یہ کہ تدوین حدیث کے عظیم القدر کام کے بعد حدیث کے مجموعے مرتب ہو گئے ہیں جو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حدیث ان مجموعوں میں موجود نہ ہو محدثین اس کے باطل ہونے کا فیصلہ دیتے ہیں۔ حدیث کا اپنا الگ کوئی مجموعی نظام نہیں جس سے کسی حدیث کے موضوع ہونے کا فیصلہ دیا جا سکے۔ بظاہر متعارض اور مختلف احادیث کے درمیان جمع و تطبیق کے اصول وضع کئے گئے ہیں جو ان احادیث پر عمل کا درجہ متعین کر نے میں راہنمائی کرتے ہیں۔

## تیسرا مبحث: عمل معروف

اصلاحی صاحب کے نزدیک حدیث پرکھنے کی ایک کسوٹی عمل معروف ہے یعنی کوئی بھی نئی چیز پہلے سے موجود دین کے پاکیزہ ذخیرے سے اگر صورۃً و معناً میل کھاتی ہو تو اسے قبول کر لیا جائے۔ اگر اس سے نہیں کھاتی تو رد کر دیا جائے لکھتے ہیں:۔

''حدیث کے غث و سمین میں امتیاز کیلئے دوسری کسوٹی عمل معروف ہے۔ اس کی ہدایت نبی ﷺ کے اس ارشاد سے ملتی ہے۔ محمد بن جبیر بن مطعم اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر مجھ سے منسوب کر کے کوئی روایت اس معروف کے مطابق کی جائے جس سے تم آشنا ہو تو اس کو قبول کر لو اور اگر مجھ سے منسوب کر کے کوئی ایسی روایات کی جائے جس کو تم منکر محسوس کرو تو اس کو نہ قبول کر و حضورؐ نے فرمایا کہ نہ میں منکر کہتا ہوں اور نہ میں منکر بات کہنے والوں میں سے ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر روایت تمہاری معروفات کے مطابق ہو تو اس کو قبول کرو اور اگر ان سے متصادم ہو تو اس کو رد کر دو دوسرے الفاظ میں اس کو یوں سمجھئے کہ نبی ﷺ نے دین کو غیر مطلوب ملاوٹ سے پاک رکھنے کیلئے یہ ہدایت فرمائی کہ اگر کوئی نئی چیز تمہارے سامنے دین کے نام سے لائی جائے تو دین کا جو پاکیزہ ذخیرہ تمہارے پاس پہلے سے موجود ہے، اس سے اس کا موازنہ کرو۔ اگر یہ نئی چیز صورۃً اور معناً اس سے میل رکھنے والی ہے تو اس کو قبول کر لو اگر یہ اس سے میل نہیں کھاتی تو اس کو رد کر دو ساتھ ہی آپ نے خود اپنا مزاج بھی بتا دیا کہ نہ میں منکر باتیں کہتا ہوں اور نہ میں ان لوگوں میں سے ہی ہوں جو منکر باتیں کہتے ہیں یعنی میری نسبت یہ فرض کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ میں اچھی باتیں کہتے کہتے ۔۔۔ العیاذ باللہ خرافات سے بھی آلودہ ہو جاتا ہوں میری زبان سے جو کچھ بھی نکلا ہے سب پاکیزہ نکلا ہے اس میں کامل آہنگی ہے۔۔۔ یہاں منکر کے معنی یہ ہوں گے کہ وہ تمام چیزیں جو ان اصول کلیات، ارشادات اور احکامات کے منافی ہیں جو حضورؐ نے دیئے ہیں اس روشنی میں اگر ان اسرائیلی قصوں اور تفسیری روایات کا جائزہ لیا جائے جنہیں نبی ﷺ کی طرف نسبت دے کر مقدس بنایا گیا ہے تو معلوم ہو گا کہ وہ اس کسوٹی کی زد میں آتے ہیں مثلاً انبیاء و رسلؑ کے عظیم الشان کردار اور شخصیت کی ایک شان تو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہ ہے جس کی نشاندہی قرآن مجید اور صحیح احادیث سے ہوتی ہے اور ایک وہ نہایت افسوس ناک اور قابل مذمت تصویر ہے جو بعض روایات سے بنتی ہے اور جس کی زد حضرات، لوط، داؤد، اور سلیمانؑ جیسے جلیل القدر پیغمبروں پر پڑتی ہے ایسی تمام روایات منکر کے حکم میں آتی ہیں اور پھینک دیئے جانے کے قابل ہیں اور تو اور خود حضورﷺ بھی ان کی زد سے نہیں بچے ہیں۔" (۴۵)

عمل معروف سے مراد دراصل محدثین کا یہ اصول ہے کہ رسول اللہﷺ کی طرف منسوب حدیث میں کسی قسم کی لفظی و معنوی رکاکت اور سطحیت پائی جائے۔ ملا علی قاری کہتے ہیں:

ومنهار كاكة الفاظ الحديث وسماجتها بحيث لسمجها السمع ويد فها الطبع (۴۶)

(وضعی ہونے کی پہچان حدیث کے الفاظ کی رکاکت اور خرابی ہے جو سننے والے کو ناگوار ہو اور طبعیت اس کو قبول کرنے پر آمادہ نہ ہو)

لفظی رکاکت یہ ہے کہ الفاظ و جملوں میں فصاحت و بلاغت کے معیار اور قواعد عربیہ کی خلاف ورزی ہو جس کو دیکھ کر عربی زبان کا ماہر جان لے کہ اس قسم کا کلام کسی فصیح اللسان کا نہیں ہو سکتا، چہ جائے کہ رسول اللہﷺ کا کلام ہو جو افصح ترین ہیں۔ (۴۷)

ظاہر ہے کہ لفظی رکاکت کا تعلق ان ہی الفاظ سے ہوگا جن کے بارے میں صراحت ہو کہ یہ رسول اللہﷺ کے الفاظ ہیں اور ان کے نقل کرنے میں کسی قسم کا تصرف نہیں کیا گیا ہے۔

معنوی رکاکت یہ ہے کہ معنی و مفہوم میں نادانی و کم عقلی کی بات پائی جائے جو شان نبوت سے فروتر اور کلام معیار نبوت سے گر جائے کہ حدیث کم عقلی اور بھونڈے پن پر مشتمل ہو کہ جس سے عقلاء محفوظ رہتے ہیں اور عقلمند کے لئے اس کے معنی ناگوار ہیں۔

شاہ عبدالعزیز کہتے ہیں:۔

ركاكة اللفظ والمعنى جميعا حيث يروى الفاظ لا تنطبق على القواعد العربية و معانى لاتناسب شان النبوة ووقارالرسالة او بالوقوف على غلط (۴۸)

اس قسم کی موضوع احادیث کی مثالیں حسب ذیل ہیں:۔

○ الديک الابيض صديقی وصديق صديقی وعدو عدوی (۴۹)

( سفید مرغ میرا دوست ہے اور میرے دوست کا دوست ہے اور میرے دشمن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا دشمن ہے)

o اربع لایشبعن من اربع ارض من مطروانثیٰ من ذکروعین من نظرو عالم من علم(۵۰)

(چار کو چار سے شکم سیری نہیں ہوتی، زمین کو بارش سے، عورت کو مرد سے، آنکھ کو دیکھنے سے، عالم کو علم سے)

o انما الباذنجان شفاء من کل داء ولا داء فیه(۵۱)

(بینگن میں ہر بیماری کی شفا ہے اور اس میں کوئی بیماری نہیں ہے)

o علیکم بالعدس فانه مبارک وانه یرق له القلب و یکثر الدمعة و انه قد بارک فیه سبعون نبیاً(۵۲)

(مسور استعمال کرو اس میں برکت دی گئی ہے اس سے دل نرم ہوتا ہے اور آنسو زیادہ ہوتے ہیں اس کے لئے ستر نبیوں نے دعا کی ہے۔)

o من فارق الدنیاوهوسکران دخل القبرسکران وبعث من قبره سکران وامربه الی النارسکران الی جبل یقال له سکران(۵۳)

(نشہ کی حالت میں جس کی موت ہوئی وہ قبر میں نشہ کی حالت میں داخل ہوگا اسی حالت میں قیامت کے دن اٹھایا جائے گا۔ اسی حالت میں آگ کی طرف لے جانے کا حکم ہوگا۔ ایک پہاڑ کی طرف لے جانے کا حکم ہوگا جس کا نام سکران ہے)

o جو مسلمان اپنی بیوی کے پاس اس نیت سے گیا کہ اس سے جو حمل ہوگا اس کا نام محمد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو لڑکا عطا کرے گا(۵۴)

o اللہ کا جو بندہ شہادت حسین کے دن روئے گا قیامت کے دن اس کا حشر اولو العزم رسولوں کے ساتھ ہوگا۔(۵۵)

محدثین نے ان تمام معیارات کو تفصیلاً بیان کر دیا ہے جن کو رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا مثلاً:

۱۔ حدیث محسوس، عام مشاہدہ اور عادت کے خلاف ہو۔

۲۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب حدیث حکمت واخلاق کے عام اصول کے خلاف ہو، یا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حدیث اصول کو توڑنے والی ہو۔

۳۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب حدیث شہوت وفساد کی رغبت دلاتی ہے۔

۴۔ حدیث قواعد طب کے خلاف ہو یا حدیث اطباء اور چٹکلا بازوں کے بیان کے زیادہ مشابہ اور لائق ہو۔ (۵۶)

جو احادیث قواعد طب کے موافق ہیں ان کا درجہ بہر حال وہ نہیں جو کہ نبوت و رسالت کے فرائض سے متعلق حدیثوں کا ہے۔ اس قسم کی روایتوں کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا یہ قول ہے:۔

انماانابشراذا امرتکم بشی ء من دینکم فخذوا به واذاامرتکم بشیء من رائي فانما انا بشر (۵۷)

(میں صرف ایک بشر ہوں جب تمہارے دین کے متعلق کوئی حکم دوں تو اس پر عمل کرو اور جب میں تم کو اپنی رائے سے کوئی حکم دوں تو سمجھو لو کہ میں بشر ہوں)

۵۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب حدیث تاریخی حقائق کے خلاف ہو جو رسول اللہ ﷺ کے عہد میں مشہور تھے۔

۶۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب حدیث کے خلاف صحیح شواہد ایسے موجود ہوں جن سے اس کا باطل ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ جیسے عوج بن عنق کے بارے میں ہے کہ "عوج بن عنق (جس کو حضرت موسیٰ نے قتل کر دیا تھا) کا قد تین ہزار تین سو تینتیس اور ثلث ذراع تھا۔" (۵۸)

یا زمین کے استقراء کے بارے میں ہے "زمین چٹان پر ہے اور چٹان بیل کے سینگ پر ہے جب بیل اپنے سینگ کو حرکت دیتا ہے تو چٹان کو حرکت ہوتی ہے پھر زمین کو حرکت ہوتی ہے اسی کا نام زلزلہ ہے۔ (۵۹)

۷۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب حدیث میں خوبصورت چہرہ کی تعریف مختلف انداز سے ہو۔ یعنی ہر ایسی حدیث جس میں خوبصورت چہرہ کی تعریف و توصیف ہو ان کی طرف دیکھنے اور ان سے حاجت طلب کرنے کا حکم ہو یا آگ کا عذاب ان کو نہ ہونے کی خبر دی گئی ہو تو یہ حدیث گھڑا ہوا جھوٹ اور بہتان ہے۔ (۶۰)

۸۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے منسوب حدیث میں مختلف پیشے اختیار کرنے والوں کی برائی ہو۔ پارچہ بافوں، موچیوں، اور سناروں یا مباح دستکاریوں میں سے کسی دستکاری کی برائی کر نے والی حدیث رسول اللہ پر جھوٹ ہے اللہ اور اس کا رسول مباح دستکاریوں کی برائی نہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرتا۔ (۶۱)

۹۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب حدیث میں خاندان قوم، اور شہر کی برائی ہو حبشہ اور سوڈان کی برائی سے متعلق حدیثیں سب جھوٹ ہیں اس طرح ترک، خصی اور غلاموں کی برائی سے متعلق حدیثیں بھی جھوٹ ہیں۔ (۶۲)

۱۰۔ رسول اللہ کی پیدائش کے واقعہ کی تشریح اس انداز سے ہو کہ نبوت پر حرف آئے اور معیار نبوت برقرار نہ رہے جیسا کہ حضرت آمنہ سے منقول ہے:۔ "جس وقت میں حاملہ ہوئی تو پیدائش کے وقت تک میں کسی قسم کی تکلیف (جو دوسری عورتوں کو ہوئی ہے۔) میں مبتلا نہیں ہوئی" پیدائش کے بعد آپ گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور آپ کے ساتھ ایک نور نکلا جس نے مشرق و مغرب کو روشن کر دیا۔ میں نے اس کے ذریعے شام کے محلات دیکھے یہاں تک کہ بصری میں اونٹوں کو سر اٹھائے ہوئے دیکھا۔" (۶۳)

۱۱۔ حدیث ایسی کھلی ہوئی باطل ہو کہ اس کا بطلان خود دلالت کرتا ہو کہ یہ اللہ کے رسول کا کلام نہیں ہو سکتا مثلاً آپ سے منسوب یہ حدیث قدسی کہ:"میں نے قسم کھا رکھی ہے کہ جس کا نام احمد یا محمد ہوگا وہ دوزخ میں نہ جائے گا۔" (۶۴)

یہی لفظی و معنوی سطحیت ہے جو عمل معروف کے برعکس کا پتہ دیتی ہے اور جس کی بنا پر حدیث کے صحیح و غلط ہونے کا فیصلہ دیا جاتا ہے۔

اصلاحی صاحب نے عمل معروف کے مقابل "منکر" کی اصطلاح استعمال کی ہے۔ یاد رہے کہ "معروف اور منکر" کی اصطلاحات جو علم حدیث میں اپنے مخصوص معنوں میں استعمال ہوتی ہے۔ معروف حدیث وہ ہوتی ہے۔ جس میں ایک قوی اور ثقہ راوی، ضعیف راوی کی مخالفت کرے اور منکر اس کے مقابل کو کہتے ہیں یعنی ضعیف راوی اپنی روایت میں ثقہ اور قوی راوی کی مخالفت کرے گویا

اصلاحی صاحب نے "منکر" کا لفظ غالباً اپنے لغوی اور مروج معنوں میں استعمال کیا ہے۔ اصول حدیث میں اس لفظ کا استعمال مختلف ہے اصلاحی صاحب نے اسرائیلی قصوں، انبیاء سے متعلق بعض روایات اور آنحضور ﷺ سے منسوب تفسیری روایات کو بھی "منکرات" میں داخل کر کے انہیں پھینک دیئے جانے کے قابل قرار دیا ہے۔

آنحضور ﷺ سے منسوب تفسیری روایات اپنی قدر و اہمیت رکھتی ہیں۔ تشریح و تفسیرِ قرآن میں ان سے استفادہ کیا جاتا ہے۔ صحیح و سقیم کے امتیاز کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ سنت نبوی ﷺ کے اہم ذخیرہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اصلاحی صاحب نے ان تفسیری روایات کو بھی پھینک دیئے جانے کے قابل قرار دیا ہے۔ آپ چوں کہ احادیث اور روایات کو من حیث المجموع معمولی اہمیت دیتے ہیں اس لئے یہاں اسلوب میں سختی اور شدت نمایاں ہے۔ آنحضورﷺ سے منسوب تفسیری روایات کی وقعت اور اہمیت کا بیان، سنت کی تشریحی حیثیت سے خاصی تفصیل کا محتاج ہے۔

## تفسیر وحدیث میں اسرائیلیات کا امتزاج وارتقاء

اسرائیلی روایات اور انبیاء علیہم السلام کے قصص جو احادیث کی کتابوں میں موجود ہیں، سے چند مخصوص شرائط کا خیال رکھتے ہوئے استفادہ کیا جاتا ہے۔ عہد نبوی، عہد صحابہ وتابعین میں کئی لوگ اپنے آبائی مذاہب یہودیت ونصرانیت چھوڑ کر حلقۂ اسلام میں داخل ہوئے۔ ان نومسلم صحابہ وتابعین نے قرآن حکیم کی تشریح وتفسیر میں جو کچھ کہا وہ اسرائیلیات کے نام سے موسوم ہے۔

قرآن حکیم بعض امور کے ذکر وبیان میں وتورات وانجیل کے ساتھ ہم آہنگ ہے البتہ ایجاز واطناب کا فرق ضرور ہے۔ تفسیرِ قرآن میں اسرائیلیات کا گزر عہد صحابہ میں ہونے لگا۔ جب ایک صحابی قرآن میں مذکورہ واقعات میں سے کسی واقعہ تک پہنچتا تو طبعاً اس کے جی میں یہ خیال پیدا ہوتا کہ قرآن نے جس بات کو مجملاً بیان کیا ہے، اس کی تفصیل معلوم کرنے کے لئے کس کی جانب رجوع کیا جائے؟ ان اہل کتاب کے سوا کوئی شخص ان کے سوال کا شافی جواب نہ دے پاتا جو نئے نئے مشرف با سلام ہوئے تھے اور اپنے ہمراہ دینی ثقافت لائے تھے چنانچہ وہ نومسلم اہل کتاب، صحابہ کو اخبار و واقعات کی تفصیلات سے آگاہ کرتے۔ صحابہ نے تفسیرِ قران میں ان نومسلم یہود ونصاریٰ سے استفادہ کیا لیکن یہ استفادہ محدود اور مشروط رہا۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اہلِ کتاب سے نہ ہر بات پوچھتے تھے اور نہ ان کی ہر بات کو قبول کرتے تھے۔ ان کا سوال اکثر وبیشتر اس واقعہ کی تفصیل سے متعلق ہوتا تھا، جس کو قرآن نے مختصراً بیان کیا ہے۔ مزید براں صحابہ اہل کتاب کی بات سن کر توقف سے کام لیتے تھے اور فرمان رسول کی تعمیل میں اس کی تصدیق وتکذیب سے احتراز کیا کرتے تھے۔ رسول اللہﷺ نے فرمایا کہ:

"اہل کتاب کی نہ ہی تصدیق کرو اور نہ تکذیب صرف یوں کہو کہ ہم اللہ اور اس کے نازل کردہ کلام پر ایمان لائے۔" (۶۵)

مراد یہ ہے کہ اہل کتاب کی بیان کردہ بات میں جب صدق وکذب دونوں کا احتمال ہو تو اس میں توقف سے کام لیا جائے اس لئے کہ بعض اوقات سچی بات کو جھٹلا دیا جاتا ہے اور جھوٹی بات کی تصدیق کی جاتی ہے جس سے نقصان ہوتا ہے البتہ اہل کتاب کی جو بات ہماری شریعت کے خلاف ہو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہم اس کی تکذیب کر سکتے ہیں اور جو بات ہمارے دین سے لگا کھاتی ہو اس کی تصدیق کی ہمیں کھلی اجازت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اہل کتاب سے استفادہ کرنے کا جو دائرہ متعین کیا تھا، صحابہ کرامؓ نے اس سے تجاوز نہیں کیا۔ وہ اہل کتاب کے غلط جواب کو رد دیتے اور ان کی غلطی کو ان پر واضح کر دیتے۔ مزید برآں صحابہ اہل کتاب سے عقائد و احکام کے بارے میں سوال نہیں کرتے تھے۔ الا یہ کہ قرآن میں مندرج کسی حکم یا مسئلہ کی تائید و تقویت مقصود ہو۔ ایسا کبھی نہیں ہوتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ سے ثابت شدہ حقیقت سے انحراف کر کے اہل کتاب سے سوال کریں اسی طرح دور از کار تاویلات اور از قسم لہو و لعب باتوں کے بارے میں بھی اہل کتاب سے نہیں پوچھتے تھے۔ اسکو حقارت و مذمت کی نگاہ سے دیکھتے اور اضاعتِ وقت پر محمول کرتے تھے۔ (٦٦) بنی اسرائیل کے عجیب و غریب واقعات و حوادث میں عبرت پذیری و نصیحت آموزی کا پہلو پایا جاتا ہے۔ مگر نقل و روایت کی یہ اجازت اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ ان واقعات کا جھوٹا ہونا معلوم نہ ہو کیونکہ رسول اللہ ﷺ ایک جھوٹی بات کے روایت کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔

جب تابعین کا دور آیا تو اہل کتاب سے نقل و روایت میں وسعت پیدا ہوئی اور تفسیر میں اسرائیلی روایات کی بھرمار ہوگئی اس لئے کہ عہد تابعین میں بکثرت اہل کتاب جوق در جوق اسلام لائے قرآن میں یہود و نصاریٰ کے جن واقعات کی جانب اشارہ کیا گیا تھا مسلمانوں میں ان کی تفصیلات سننے کا ذوق و شوق ابھرا۔ اس عہد میں ایسے مفسرین پیدا ہوئے جنھوں نے تفسیر میں پیدا شدہ اس خلاء کو بھرنا چاہا اور اس ضمن میں یہود و نصاریٰ سے مدد حاصل کی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تفسیر قرآن میں متضاد و متناقض قصے کہانیاں داخل کر دی گئیں۔ (٦٧)

تابعین کے بعد ایسے لوگ منظر عام پر آئے جو اسرائیلیات پر دل و جان سے فریفتہ تھے اور ان سے اس حد تک شغف رکھتے تھے کہ کسی قول کو بھی رد نہ کرتے، وہ خلاف عقل ہی کیوں نہ ہو اسرائیلیات کے ساتھ وابستگی کی یہ کیفیت جاری رہی یہاں تک کہ انہوں نے تفریحی کہانیوں کی صورت اختیار کر لی۔ جب تدوینِ تفسیر کا دور آیا تو مفسرین میں ایسے لوگ پیدا ہوئے جنھوں نے اپنی کتب میں اسرائیلی واقعات کو داخل کر دیا۔ اسرائیلی روایات، جن کو مفسرین نے اہل کتاب سے لے کر ان کی روشنی میں قرآن عزیز کی شرح و توضیح کی، تفسیر قرآن پر بہت برا اثر ڈالا۔ ان جھوٹے اور من گھڑت افسانوں کے سیلاب میں بکثرت احادیث صحیحہ بھی بہہ گئیں۔

**اسرائیلی روایات کی قدر و قیمت:** تفسیرِ قرآن میں مرقوم اسرائیلی روایات کو حسب ذیل تین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

پہلی قسم: وہ روایات جو بسند صحیح رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں مثلاً یہ روایت کہ قرآن حکیم میں حضرت موسیٰ کے جس رفیق کا ذکر کیا گیا ہے وہ جناب خضر تھے جیسا کہ فتح الباری، باب التفسیر، ج ۸، ص ۲۹۷ میں مذکور ہے یہ قسم صحیح ومقبول ہے۔

دوسری قسم: اس قسم میں ایسی مرویات شامل ہیں جو اس لئے جھوٹی ہیں کہ شریعت کے معروف مسائل اور عقل سلیم سے ٹکراتی ہیں ایسی روایات کو نہ قبول کرنا درست ہے اور نہ ان کی نقل وروایت جائز ہے۔

تیسری قسم: وہ روایات ہیں جو پہلی اور دوسری قسم میں شامل ہیں اور جن کے بارے میں محدثین نے سکوت اختیار کیا ہے۔ ایسی روایات کی نہ تصدیق کی جائے گی اور نہ تکذیب۔ بلکہ اس کے بارے میں توقف سے کام لیا جائے گا۔ اس کی نقل وروایت بھی درست ہے۔ کیوں کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ اہل کتاب کی نہ تصدیق کیجیئے اور نہ تکذیب۔ اور یوں کہیے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر جو ہماری طرف اتارا گیا۔ اس قسم کا تعلق زیادہ تر ان روایات کے ساتھ ہے جن سے کوئی دینی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ اسی بناء پر اہل کتاب کے علماء کے یہاں ایسے امور کے بارے میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے۔ مفسرین بھی اس ضمن میں مختلف الخیال ہیں۔ مثلاً یہ کہ اصحاب کہف کے نام کیا کیا تھے؟ ان کا کتا کس رنگ کا تھا حضرت موسیٰ کا عصا کس درخت سے بنایا گیا تھا؟ ان پرندوں کے نام کیا تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کے لئے زندہ کیا تھا؟ گائے کے گوشت کا وہ کون سا ٹکڑا تھا جس کو اسرائیلی مقتول کے جسم سے مس کیا گیا تھا؟ وہ کون سا درخت تھا جس کے ذریعہ خداوند کریم نے حضرت موسیٰ کو شرف کلامی بخشا اور اس قسم کے دیگر امور جن کو قرآن حکیم میں مبہم رکھا گیا ہے اور جن کی تعین کرنے سے لوگوں کو کوئی دینی یا دنیوی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔

جب کسی صحابی سے بسند صحیح کوئی ایسی بات نقل ہو کر ہم تک پہنچے جس کے بارے میں شریعت خاموش ہو اور اس میں تصدیق وتکذیب کا کوئی پہلو بھی موجود نہ ہو تو اس کے بارے میں غور وفکر سے کام لیں گے۔ اگر صحابی پورے وثوق کے ساتھ وہ بات کہہ رہا ہو تو وہ قسم اول کی طرح مقبول ہو گی۔ اس لئے کہ یہ ممکن نہیں کہ آنحضو ﷺ کی ممانعت کے باوجود صحابی نے اسے اہل کتاب سے اخذ کیا ہو۔ اور اگر صحابی وہ بات پورے جزم ووثوق سے نہیں کہتا تو بھی اس روایت کو قبول کر لینا اقرب الی الصواب ہے۔ اس لیے کہ اس روایت کو آنحضو ﷺ سے یا کسی اور صحابی سے سننے کا احتمال، اہلِ کتاب سے سننے کے احتمال سے قوی تر ہے۔ خصوصاً جب کہ یہ ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ صحابہ، تابعین، اتباع تابعین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی نسبت اہلِ کتاب سے بہت کم استفادہ کرتے تھے البتہ اگر کوئی بات تابعین سے منقول ہو کر پہنچے تو اس میں توقف سے کام لیا جائے گا اور اس کے صدق و کذب سے متعلق کوئی عاجلانہ فیصلہ صادر نہیں کیا جائے گا۔ اس لئے کہ اس میں اہل کتاب سے سماع کا احتمال غالب ہے۔ تابعین اہل کتاب سے اخذ و استفادہ کرنے میں معروف ہیں مگر یہ اس صورت میں ہے جب مفسرین اس پر متفق نہ ہوں بصورت دیگر اگر مفسرین اس ضمن میں متحد الخیال ہوں کہ تابعین نے یہ روایت اہل کتاب سے نہیں لی تو اس کو اہل کتاب کی روایت قرار نہیں دیا جائے گا۔ بلکہ بشرح صدر اس روایت کو تسلیم کرلیا جائے گا۔ (۶۸)

مفسر پر یہ فریضہ عائد ہوتا ہے کہ وہ حد درجہ بیدار مغزی اور مستعدی سے کام لے کر اسرائیلیات کے پلندہ میں سے وہ مواد چھانٹ لے جو روح قرآن سے لگا کھاتا اور عقل و نقل کے ساتھ ہم آہنگ و یک رنگ ہو۔ اسی طرح مفسر کے فرائض میں یہ امر بھی شامل ہے کہ جب قرآن کی کسی مجمل آیت کی تفصیل حدیث نبوی میں موجود ہو تو اہل کتاب سے اخذ و استفادہ کا ہرگز مرتکب نہ ہو۔ مثال کے طور پر قرآن عزیز کی آیت: "وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّهٖ جَسَدًا" (۶۹) (ہم نے سلیمان کو آزمایا اور آپ کی کرسی پر ایک جسم ڈال دیا) کی تشریح صحیح حدیث میں موجود ہے۔ اس کو نظر انداز کر کے اس کو دوسرے من گھڑت واقعات پر محمول نہیں کرنا چاہیے۔ حضرت ابو ہریرۃؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک دفعہ سلیمان نے کہا! میں آج اپنی ایک سو بیویوں سے مجامعت کروں گا۔ ان میں سے ہر ایک مجاہد بچہ جنے گی آپ کے ساتھی نے کہا ان شاءاللہ کہ لیجیے مگر آپ نے نہ کہا چنانچہ ان میں سے صرف ایک بیوی حاملہ ہوئی اور جو بچہ اس نے جنا وہ بھی ادھورا تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے اگر سلمان ان شاءاللہ کہہ لیتے تو مجاہد بچے جنم لیتے جو سوار ہو کر خدا کی راہ میں جہاد کرتے۔" (۷۰)

مفسر قرآن پر ایک فریضہ یہ بھی ہوتا ہے کہ ضروری چیز کو بقدر حاجت و ضرورت ہی اخذ کرے۔ چنانچہ کسی آیت کی توضیح کرتے وقت صرف اتنا ہی واقعہ بیان کرے جس سے قرآن کے اجمال کی تفصیل معلوم ہو سکے اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں البتہ جب کوئی بات متقدمین کے یہاں متنازع فیہ ہو اور اس کے بارے میں ان کے متعدد اقوال ہوں تو جملہ اقوال کو ذکر کر کے صحیح قول کی نشاندہی کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ مفسر کے لئے بہتر طریق کار یہی ہے کہ وہ امکانی حد تک غیر ضروری اسرائیلیات سے صرف نظر کرے اور بے کار اسرائیلی اضافے بیان کرنے سے اجتناب کرے جو قرآن کا معنی و مفہوم معلوم کرنے میں سنگ راہ ہو سکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## خلاصۂ بحث:۔

۱۔ رسول اللہ ﷺ سے منسوب ہر وہ بات جس میں معنوی اور لفظی سطحیت اور سفلا پن پایا جاتا ہو ۔نا قابل قبول ہے۔

۲۔ جو بات حکمت واخلاق کے عام اصولوں اور عام مشاہدہ وعادت کے خلاف ہو یا جس میں لغویت، تمسخر پن اور کم عقلی کی بات پائی جائے، حدیث رسول نہیں ہو سکتی۔

۳۔ رسول اللہ ﷺ سے منسوب تفسیری روایات میں ضعیف اور موضوع روایات کی نشاندہی محدثین نے کر دی ہے۔ ان ضعیف اور موضوع روایات کی بنیاد پر تمام تفسیری روایات کو پھینک دیئے جانے کے قابل قرار دینا، استخفاف حدیث کی علامت ہے۔

۴۔ اسرائیلی روایات سے اسی حد تک استفادہ کیا جائے جس حد تک یہ فہم قرآن میں ممد ومعاون ثابت ہوں

۵۔ اصلاحی صاحب نے "معروف" اور "منکر" کی اصطلاحات جن معنوں میں استعمال کی ہیں، اصول حدیث میں ان کا یہ مفہوم نہیں ہے۔

## مبحث چہارم: عقلِ کلی

صحت حدیث کی ایک کسوٹی عقلِ کلی ہے۔ اصلاحی صاحب کے نزدیک منافیٔ عقل روایات قبول نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ دین کی بنیاد تمام تر عقل وفطرت ہی پر ہے۔ عقل وفطرت کے ہی مقتضیات ومطالبات کو قرآن وسنت میں اجاگر کیا گیا ہے۔ اللہ اور رسول ﷺ نے عقل وفطرت ہی کے حوالے لوگوں پر حجت قائم کی ہے اور ان لوگوں کو عقل کا دشمن گردانا ہے۔ جنہوں نے ہوائے نفس کی پیروی میں دین فطرت کی مخالفت کی۔ چنانچہ یہ کس طرح ممکن ہے کہ کوئی ایسی روایت قبول کی جائے جو دین کی اصل بنیاد ہی کی نفی کرنے والی ہو۔ وہ اس امر کی بھی وضاحت کرتے ہیں کہ یہاں زیر بحث افراد وانفار کی عقل نہیں، بلکہ عقل کلی ہے۔ (۷۱)

قبولیت حدیث کے لئے اصلاحی صاحب نے صاحب الکفایۃ کے حوالے سے کہا کہ عقل جن کی صحت کی گواہی دیتی ہو (مما تدل العقول علی موجبہ) ساتھ ہی کہا کہ "جن کو عام عقل (Common Sens) قبول کرتی ہو۔" (۷۲)

صاحب الکفایۃ کی اصل عبارت اس طرح ہے:۔

اما الضرب الاول وھو ما یعلم صحتہ ، فالطریق الی معرفتہ ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لم يتواترحتى يقع العلم الضروى به ان يكو ن مماتدل العقول على موجبه كالاخبارعن حدوث الاجسام ، واثبات الصانع،و صحةالاعلام التى اظهرالله‌عزوجل على ايدى الرسل و نظائر ذلک ممادلة‌العقول تقتضى صحته ، وقد يستدل ايضاً على صحته بان يكون خبراعن امراقتضاه نص القرآن اوالسنة المتواترةاواجتمعت الامةعلى تصديقه،او تلقته الكافة بالقبول وعملت بمو جبه لا جله(۷۳)

(رہی پہلی قسم تو یہ وہ خبر ہے کہ جس کی صحت کا علم ہو۔ اگر یہ (خبر) متواتر نہ ہو کہ جس سے علم ضروری حاصل ہوتا ہے۔ تو پھر اس کی (یعنی اس خبر کی صحت کی) معرفت کا طریقہ یہ ہے کہ یہ خبر ایسی ہو کہ جس کے موجب اور حکم پر عقل دلالت کرتی ہو، مثلاً اجسام کا حادث ہونا اور صانع کا اثبات اور ان معجزات کی صحت جن کو اللہ تعالیٰ نے رسولوں کے ہاتھوں پر ظاہر فرمایا اور اسی طرح کے اور امور کہ عقلی دلائل جن کی صحت کا تقاضا کرتے ہوں کبھی اس خبر کی صحت پر اس طور سے بھی استدلال کیا جاتا ہے کہ وہ ایسے امر کی خبر ہے کہ نص قرآن یا سنت متواترہ اس کا تقاضا کرتے ہیں یا پوری امت اس کی تصدیق پر مجتمع ہوگئی ہے یا امت نے اس کو تلقی بالقبول کیا ہے یا اس کے موجب وحکم پر اس خبر کی وجہ سے عمل کیا ہے۔)

الکفایہ کی عبارت اور اس کا ترجمہ نقل کیا گیا ہے اس میں کوئی ایسی بات نہیں ملتی جس کا ترجمہ یا مفہوم یہ نکلتا ہو جو اصلاحی صاحب نے اس مذکورہ جملہ میں بیان کیا ہے کیوں کہ عام عقل (Common Sense) تو عقل کی وہ مقدار ہوتی ہے جو ہر عاقل بالغ شخص میں ہوتی ہے۔ اور اس سے وہ عام فہم باتیں سمجھ سکتا ہے یعنی بدیہیات اور وہ نظریات جو قریب قریب بدیہات کے ہوں۔ باقی رہے دیگر نظریات تو ان کی معرفت وادراک سے ماوراء ہوتے ہیں۔ اس تعبیر کے زیر اثر ہر شخص جو اپنی عام عقل اور Common Sense کے خلاف جس بات کو بھی دیکھے گا اس کو رد کر دے گا اور وہ اس بارے میں کسی دوسرے کے دلائل سننے پر بھی آمادہ نہیں ہوگا کیوں کہ Common Sense کے دائرہ اثر میں بدیہیات ہوتے ہیں جو محتاج دلیل نہیں ہوتے، جب کہ دلائل دیے جاتے ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نظریات کے لئے لہٰذا اصلاحی صاحب کی اس عبارت نے ہر شخص کو یہ اختیار دے دیا کہ وہ اپنی عقل کے مطابق احادیث کو قبول یا رد کرے اور ظاہر ہے کہ انکار حدیث کے لئے اس سے بڑھ کر موثر ہتھیار اور کیا ہوگا؟ تاہم اس طرز تعبیر سے پیدا ہونے والے خدشے کا ازالہ کسی حد تک ذیل کی عبارتوں سے ہوتا ہے جو آگے جا کر لکھتے ہیں:

"یہ امر ملحوظ رہے کہ یہاں زیر بحث افراد و انفار کی عقل نہیں بلکہ عقل کلی ہے جو انسانوں پر اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا اشرف ہے۔۔۔ یہاں صرف اس عقل سے بحث ہے جو بے لاگ ہو کر فیصلے کرتی ہے اور جس کے فیصلوں کو اس دینا کے تمام عاقلوں کی تائید حاصل ہے۔ ایسی عقل کے فیصلے کسی ایسی چیز سے نہیں روکے جا سکتے جس کے متعلق یہ اعتماد نہیں کہ رسول کی طرف اس کی نسبت صحیح بھی ہے یا نہیں۔ اسی طرح سے ایک چیز کا ایک شخص کی سمجھ میں نہ آنا الگ چیز ہے اور منافات کا ہونا الگ چیز ہے۔ مثلاً ایک شخص کہہ سکتا ہے کہ یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ جنت میں پانی بھی ہوگا۔ آگ بھی ہوگی اور درخت بھی تو یہ تو ہوسکتا ہے کہ بہت سی وجوہ کی بنا پر اس کی سمجھ میں یہ بات نہ آرہی ہو لیکن یہ منافات نہیں ہوگی بلکہ اس کی عقل کی نارسائی ہے مثلاً قرآن مجید کہتا ہے کہ کیا یہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ گنہگاروں اور نیکوکاروں دونوں کو یکساں کردے گا یہ تم لوگ کیسے فیصلہ کرتے ہو، یعنی یہ ماننا کہ خدا کے ہاں اندھیر نگری ہے۔ ظاہر ہے اس بات میں اور عقل میں صریح منافات ہے اس بات میں تو کوئی منافات نہیں کہ دوزخ میں پانی، آگ، اور درخت تینوں ہوں گے اس لئے کہ آگ کے درخت تو اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں بھی پیدا کردیئے ہیں۔ (۷۴)

خطیب بغدادی نے بھی سمجھ میں نہ آنے کی بات نہیں کی بلکہ منافات عقل کی بات کی ہے۔

**ولا یقبل خبر الواحد فی منافاۃ حکم العقل (۷۵)**

مولانا اشرف علی تھانوی نے اس پہلو پر اپنی کتاب "انتباہات مفیدہ" کافی مفید بحث کی ہے، لکھتے ہیں:۔

" کسی چیز کا سمجھ نہ آنا دلیل اس کے باطل ہونے کی نہیں باطل ہونے کی حقیقت یہ ہے کہ دلیل سے اس کا نہ ہونا سمجھ میں آجائے اور ظاہر ہے کہ ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دونوں امور میں یعنی ایک یہ کہ اس کا ہونا سمجھ میں نہ آئے اور ایک یہ کہ اس کا نہ ہونا معلوم ہو جائے فرق عظیم ہے۔ اول کا حاصل یہ ہے کہ بوجہ عدم مشاہدہ اس چیز کے اسباب یا کیفیات کا ذہن کو احاطہ نہیں ہوا۔ اس لئے اس پر قادر نہیں کہ اس کی نفی پر کوئی دلیل صحیح قائم کر سکے۔ عقلی ہو یا نقلی اور ثانی کا حاصل یہ ہے کہ عقل اس کی نفی پر عقلی دلیل قائم کر سکے۔"(۷۶)

قرآن مجید جس میں جگہ جگہ عقل سے کام لینے اور اس سے استفادہ کرنے کی تلقین ہے، آیا اس کے نصوص کو عقل کے خلاف قرار دیا جا سکتا اور اگر نہیں تو پھر جہاں عقل و نقل یا قرآن و حدیث میں باہم تعارض محسوس ہو تو اس کا کیا حل نکالا جائے؟ اور تعبیر نصوص کا کون سا راستہ اختیار کیا جائے؟

درج بالا سوالات کی روشنی میں قرآن و حدیث کے نصوص کی تعبیر و تاویل کے بارے میں امام اشعری اور باقلانی نے نصوص کی تعیم اور تخصیص کے مسئلے سے بحث کی ہے امام الحرمین جوینی نے "الشامل" میں مختلف آیات اور احادیث کی تاویل کے لئے ایک الگ باب وقف کیا امام غزالی نے "الاقتصاد" "المنقذ من الضلال" اور "احیاء العلوم" اور دوسری کتابوں میں اس مسئلہ پر بحث کی امام ابن تیمیہؒ وہ ہستی ہیں جنہوں نے اس موضوع پر ایک مستقل کتاب "بیان موافقۃ صریح المعقول الصحیح المنقول" تصنیف کی۔ جس نے انہوں نے مفصل و مدلل طریقہ سے ثابت کیا کہ معقول و منقول میں پوری موافقت ہے اور جو باتیں وحی و نبوت اور کتاب و سنت سے ثابت ہو چکی ہیں، صحیح و کامل عقل ان سب کی تصدیق کرتی ہے۔

قرآن حکیم کے بعض دعاوی جنہیں معجزات کہا جاتا ہے، ماوراء العقل ہیں۔ انبیاء کرامؑ کے واقعات میں بہت سی ایسی باتیں ہیں جن کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ عقل کی پہنچ سے باہر ہیں۔ مثال کے طور پر آدمؑ کا بغیر ماں باپ اور عیسیٰ کا بغیر باپ کے پیدا ہونا، ابراہیمؑ کا آگ میں ڈالا جانا، اور اس کا گلزار بن جانا، ذبح اسماعیلؑ کا واقعہ، موسیٰ کے لئے دریا کا پھٹ جانا، عصا اور ید بیضاء کے معجزات، عہد موسیٰ میں بنی اسرائیل کے سرداروں کا مرجانا اور پھر زندہ کیا جانا، سلیمانؑ کے امتیازات، ان کا چرند پرند انسان، حیوان، جنوں اور ہواؤں پر حکمرانی، اصحاب کہف کے واقعات، طوفان نوح کی شدت و تباہی، یونس کا مچھلی کے پیٹ میں زندہ رہنا۔ فرشتے، جنوں کا وجود، رفعِ مسیح اور وحی کی آمد، اور اسی قسم کی دوسری چیزیں۔ قرآن حکیم کے ان دعاوی کا احاطہ محدود عقل بظاہر نہیں کر سکتی۔

سیرت نبویؐ کے بعض واقعات کے بارے میں بھی ظاہر دین عقل یہی کہے گی کہ یہ باتیں ممکن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہیں ہیں علاوہ ازیں رسول اللہ ﷺ کے معجزات جیسے آپ کی انگلیوں سے پانی کے چشموں کا پھوٹنا، چاند کے دوٹکڑے ہونا، احد پہاڑ کو مخاطب کرنا، وہ احادیث جو انبیاء کرامؑ کے متعلق ہیں اور اسی طرح ماضی کے اخبار اور مستقبل کے واقعات کے بارے میں آپ کی احادیث۔ حالانکہ یہ بھی انہی قرآنی دعاوی و معجزات کے تحت آتی ہیں۔ اس لئے کہ شعور نبوت اور اس کے ادراک و مشاہدے کی رسائی بھی ماورائے عقل تک ہے۔

ابن خلدون کہتے ہیں۔ "شارع کے بتائے ہوئے اعتقادات اور اعمال کا اتباع کرو کیوں کہ وہ تم سے زیادہ تمہارے بہی خواہ اور تمہارے ہی فائدہ کی چیزوں کو جاننے والے ہیں۔ کیوں کہ ان کا علم تمہارے ادراک سے بالاتر ہے اور ایسے ذریعہ سے حاصل ہونے والا ہے۔ جو تمہاری عقل کے دائرہ سے وسیع تر ہے۔ یہ چیز عقل اور اس کے ادراک کے منافی نہیں ہے جس سے توحید و آخرت کے امور اور نبوت وصفات الہیہ کے حقائق کا وزن کر سکیں یہ ایک محال طبعی ہے کیوں کہ یہ چیزیں عقل کے طریق اور ادراک سے ماوراء ہیں۔ (۷۷)

امام غزالی کا ارشاد ہے: "عقل سے ماوراء ایک اور شئے ہے جس میں دوسری باطنی آنکھ کھلتی ہے اور اس کے ذریعہ غیب کی باتیں اور مستقبل کی چیزیں معلوم ہوتی ہیں اور ان امور کا انکشاف ہوتا ہے جن میں عقل کام نہیں دے سکتی۔ جن بعض عقلاء نے اس راستہ کا انکار کیا ہے ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے ان کا یہ انکار محض جہالت کی وجہ سے ہے۔" (۷۸)

شیخ احمد سرہندی فرماتے ہیں: "جس طرح عقل کا رشتہ اس کے راستہ سے ماوراء ہے کہ جو چیز اس کے ذریعہ نہ جانی جاسکے اس کو عقل معلوم کر لیتی ہے۔ اسی طرح نبوت کا راستہ عقل کے راستہ سے ماوراء ہے کہ جو بات عقل سے نہ معلوم ہو سکے، نبوت کے ذریعہ معلوم ہو جاتی ہے۔ جو شخص عقل کے ماوراء کوئی ذریعہ علم تسلیم نہیں کرتا، وہ دراصل نبوت کا منکر اور ہدایت سے ٹکر لینے والا ہے۔" (۷۹)

عقل کو نقل پر ماوراء ماننے والے اور مجرد عقل عام Common Sense پر احادیث کو جانچنے والے بعض اوقات ایسی حدیثوں کو بھی جھٹلا دیتے ہیں جن کو جھٹلانے کی کوئی وجہ نہیں ہوتی اور ایسی احادیث کو موضوع ٹھہرا دیا جاتا ہے جن کی صحت پر دلائل و شواہد قائم ہو چکے ہوتے ہیں۔

جناب مصطفیٰ حسنی سباعی اپنی کتاب "السنۃ ومکانتھا فی التشریع الاسلامی" میں اس موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

تنظر بریں صرف عقل کی اساس پر جو شتر بے مہار ہے۔ نقد متن کا دروازہ چو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پٹ کھول دینا اور ایک ناقد کو اس بات کی کھلی چھٹی دے دینا کہ وہ حسب مرضی اپنے جذبات واحساسات سے کام لے اور ایسے شکوک وشبہات پر اپنے نظریات وافکار کی بنیاد رکھے جو کوتاہی فکر اور غفلت پر مبنی ہوں، بے حد خطرناک ہے اور اس میں سے ایسی انارکی جنم لیتی ہے جس کا نتیجہ خدا ہی کو معلوم ہے۔ نقد متن کی اس کھلی اجازت کا یہ ثمرہ برآمد ہوگا کہ سنت صحیحہ کے لئے سرے سے کوئی مضبوط اساس نہ ہوگی نتیجہ کے طور پر ایک شخص ایک حدیث کو قبول کرے گا اور دوسرا رد کر دے گا۔ تیسرا اس میں توقف سے کام لے گا۔ یہ اس لیئے کہ عقل انسانی کے فیصلے کبھی یکساں نہیں ہوسکتے۔" (۸۰)

مصطفیٰ سباعی نے اپنی کتاب میں بعض احادیث پر تبصرہ کیا ہے جن کو احمد امین اور ابوریہ نے بعید از عقل قرار دیتے ہوئے موضوع قرار دیا تھا۔ شیخ مصطفیٰ سباعی نے اپنی کتاب میں ان کے جوابات دیتے ہوئے خاصی تفصیل سے کلام کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ وہ صحیح ہیں خلاف عقل نہیں۔

اسی طرح معتزلہ نے بھی بہت سی احادیث صحیحہ کو خلاف عقل کہا۔ ابن قتیبہ نے اپنی کتاب "تاویل مختلف الحدیث" میں ان کی تکذیب کی چند مثالیں دی ہیں اور ان کے جوابات بھی لکھے ہیں۔

## خلاصۂ بحث:۔

۱۔ نصوص شرعیہ عقل کے مطابق ہیں تاہم بعض اقات انسانی عقل ان کے ادراک سے قاصر رہتی ہے۔

۲۔ ابن تیمیہ امام غزالی اور بعض دیگر علماء نے تعبیر نصوص میں تعقل پر مفید بحثیں کی ہیں۔

۳۔ اصلاحی صاحب کی عبارات میں عقل کو نقل پر ترجیح دینے کا رجحان پایا جاتا ہے احادیث کی جانچ پرکھ میں عقل پر انحصار کرنے میں ان کا موقف معتزلہ سے قریب تر ہے۔ تشریح حدیث کے ضمن میں بعض مقامات پر ان کی یہ فکر نمایاں ہے۔

## پانچواں مبحث: ذوق حدیث

اصلاحی صاحب کے نزدیک ایک کسوٹی یہ ہے کہ کوئی روایت جس کو اہل ایمان اور اصحاب معرفت کا ذوق قبول کرنے سے ابا کرتا ہے، وہ قبول نہیں کی جائے گی۔ اس بارے میں ان کے نزدیک کسی حدیث کے قول رسول ہونے کا انحصار اس کی سند سے زیادہ اس کے معنی ومفہوم پر ہے جس کا فیصلہ وہ لوگ کرسکتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے کلام کا ذوق اور اس کی شناخت کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایسا شخص نبیؐ کا صحبت یافتہ نہ بھی ہو لیکن اس کو نبیؐ کے کلام کی پوری ممارست ہو تو آپ کے نزدیک اس کا ذوق معتبر ہونا چاہیے۔(۸۱)

لکھتے ہیں:۔

"کسی حدیث کے قول رسول ہونے کا انحصار اس کی سند سے زیادہ اس کے معنی ومفہوم پر ہے جس کا فیصلہ وہ لوگ کر سکتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے کلام کا ذوق ،اس کے اثر سے پہنچا لیتے ہیں کہ یہ رسول کا کلام ہو سکتا ہے یا نہیں۔ یہ ذوق ظاہر ہے کہ ہر شخص کے اندر نہیں پیدا ہو سکتا۔ بلکہ انہی لوگوں کے اندر پیدا ہو سکتا ہے جن کی فطرت سلیم اور جن کا مذاق نہایت اعلیٰ ہو، جن کا ذہن سفاہت سے دور ہو، جنہوں نے رسولؐ کی اچھی طرح صحبت اٹھائی ہو یا آپ کے کلام کی ممارست بہم پہنچائی ہو"(۸۳)

ماضی میں بہت سے علماء وفقہا نے بھی حدیث کی جانچ کے لئے اسی ذوقی پیمانہ کو اختیار کیا تھا اور اس کی بنیاد مسند احمد کی اس حدیث پر ہے:

**"اذا سمعتم الحدیث تعرفه قلوبکم وتلین له اشعارکم و ابشارکم و ترون انه منکم قریب فانا اولاکم به واذا سمعتم الحدیث عنی تنکره قلوبکم و تنفر منه اشعارکم و ابشارکم وترون انه منکم بعید فانا ابعدکم منه(۸۳)**

(محدثین کے نزدیک حدیث کی ایک قسم معلل ہے اور اس سے مراد وہ حدیث ہے جس میں کسی علت (علت قادح) کی وجہ سے اس کی صحت مجروح ہو جائے حالانکہ بظاہر اس میں کوئی خرابی معلوم نہ ہو اس سلسلے میں ابن مہدی کا یہ قول مشہور ہے کہ: **هی الهام و لو قلت للقیم بالعلل من این لک هذا لم تکن له حجة(۸۴)**

(یہ الہام ہے اگر تم کسی ماہر علل سے دریافت کرو کہ تم نے اس حدیث کو معلل کس دلیل کی بنا پر کہا تو وہ کوئی دلیل پیش نہیں کر سکتا) محدث ابو حاتم سے چند حدیثیں پوچھی گئیں تو انہوں نے بعض کو مدرج بعض کو باطل، بعض کو منکر اور بعض کو صحیح بتایا۔ پوچھا گیا کہ یہ آپ کو کیسے معلوم ہوا؟ ابو حاتم نے جو اب دیا کہ فن حدیث کے دوسرے ماہرین سے استفسار کرو اگر وہ میری بات کی تائید کریں تو میرا قول صحیح

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔ چنانچہ مشہور محدث ابوزرعہ سے ان حدیثوں کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے ابوحاتم کی تائید کی۔(۸۵) بعض محدثین کا قول ہے: یعنی وہ ایک خیال ہے جو ان (ائمہ حدیث) کے دلوں پر وار دہوتا ہے اور وہ اس کو رد نہیں کرسکتے اور یہ ایک ایسا نفسانی اثر ہے جس سے گریز نہیں ہوسکتا۔

ربیع بن جہم کا قول ہے:

**ان من الحدیث حدیثا له ضوء کضوء النهار نعرفه وان من الحدیث حدیثا له ظلمة کظلمة اللیل ننکره(۸۶)**

اس بارے میں جریر اپنا معمول یہ بتاتے ہیں:

**کت اذاسمعت الحدیث جئت به الی المغیرةفعرضته علیه فما قال لی القه القیته(۸۷)**

ابن دقیق العید کے بقول:

**حصلت لهم لکثرةمحاولةالفاظ النبی هی نفسانیةوملکة قویة یعرفون بهامایجوزان یکون من الفاظ النبوة ومالا یجوز(۸۸)**

علامہ ابن جوزی نے کہا کہ جو روایت عقل یا اصول مسلمہ کے خلاف ہو اس کے رواۃ پر جرح وتعدیل کی بھی ضرورت نہیں وہ روایت قطعاً ناقابل اعتبار ہے۔

یہ اصول غور طلب ہے کیونکہ عقل کی معینہ حد تو مقرر نہیں کی جاسکتی۔ درایتی معیار بیان کرنا جتنا آسان ہے اس کو بروئے کار لانا اور حدیث کو تخریج وتحقیق میں اس کو بنیاد بنانا اتنا ہی مشکل ہے۔ اگر ہر اہل علم کو درایتی اصول دے دیئے جائیں تو وہ صحیح احادیث کے بیشتر ذخیرے کو نامعتبر قرار دیدے گا کیونکہ اس کے فہم کے مطابق کوئی نہ کوئی روایت کسی معیار پر پوری نہ اترے گی۔ علامہ ابن قیم سے جب سوال کیا گیا کہ کیا صرف درایت کی بنیاد پر کسی روایت کو موضوع قرار دیا جاسکتا ہے تو انہوں نے جواب دیا:

یہ بڑا اہم سوال ہے۔ یہ وہی شخص جان سکتا ہے جو سنن پر حاوی ہو اور اس کے خون اور گوشت میں وہ مخلوط ہوگئی ہو اور ان پر اسے ملکہ حاصل ہوگیا ہو۔ سنن وآثار اور سیرت رسول کو پہچاننے، رسول کریم کے اوامر ونواہی، دعوت وخبر، پسند وناپسند اور تعلیم وتربیت سب جان لینے میں اسے اختصاص اور مہارت حاصل ہوگئی ہو۔ گویا وہ حضور کے ساتھ صحابہ کرام سے ملا ہوا ہے۔ اس قسم کا انسان آنحضور ﷺ کے افعال واحوال کو جان سکتا ہے۔(۸۹)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علامہ شبلی نعمانی جو اس انفرادی ذوق حدیث کے قائل تھے لکھتے ہیں:

"بلاشبہ فن روایت کی ممارست سے ایک ملکہ یا ذوق پیدا ہو جاتا ہے جس سے خود تمیز ہو جاتی ہے کہ یہ قول، رسول ﷺ کا ہو سکتا ہے یا نہیں۔ اسی طرح شریعت کے احکام اور مسائل اور ان کے اسرار و مصالح کے تتبع اور استقراء سے ایسا ذوق حاصل ہو سکتا ہے جس سے یہ تمیز ہو سکتی ہے کہ رسول ﷺ نے یہ حکم دیا ہوگا یا نہیں" (۹۰)

مولانا مودودی بھی اسی کی تائید کرتے ہوئے فرمایا تھا:

"جس نے کثرت کے ساتھ کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کا گہرا مطالعہ کیا ہوتا ہے وہ نبی کریم ﷺ کا ایسا مزاج شناس ہو جاتا ہے کہ روایت کو دیکھ کر خود بخود اس کی بصیرت بتا دیتی ہے کہ ان میں سے کونسا فعل میری سرکار کا ہو سکتا ہے اور کون سی چیز سنت نبویؐ سے اقرب ہے۔" (۹۱)

اس نوع کا ملکہ رکھنے والا اسناد سے بے نیاز ہو جاتا ہے اس حد تک کہ اصول روایت کے اعتبار سے ایک حدیث کو وہ رد کر دیتا ہے اور مرسل، موقوف، ضعیف، غریب اور منقطع السند، ہر قسم کی روایات کو قبول کر لیتا ہے جیسا کہ اصلاحی صاحب اپنی شرح حدیث میں امام مالک کے بارے میں تحسین آمیز انداز میں فرماتے ہیں:

"اس روایت میں انقطاع ہے صاف معلوم ہوتا ہے کہ امام مالک کو اصل مطلب بات سے ہے سند کو وہ زیادہ اہمیت نہیں دے رہے ہیں اور یہ بات بھی نبیؐ کے اپنے الفاظ میں معلوم ہوتی ہے۔" ایک اور روایت کے بارے میں امام مالک کی تحسین یوں فرماتے ہیں:

"یہ روایت امام مالک کی بلاغات میں سے ہے امام مالک کا طریقہ یہ ہے کہ وہ مرسل، موقوف، منقطع سب ہی قسم کی روایات لے لیتے ہیں وہ بات کو دیکھتے ہیں اگر وہ بات رسول اللہ ﷺ فرما سکتے تو وہ لے لیتے ہیں سند کی پرواہ نہیں کرتے۔ روایت میں بات دیکھی جاتی ہے اگر وہ آنحضرت کے فرمانے کی ہے تب زیادہ سند کی کھوج کی ضرورت نہیں اور اگر ایسی بات ہے جو آنحضرت ﷺ سے منسوب نہیں کی جا سکتی تو پھر چاہے بے حد مضبوط ہو رد کر دی جائے گی یہی بات امام مالک کے عمل سے نکلتی ہے۔" (۹۲)

اس مفہوم کی عبارات "تدبر حدیث" میں جا بجا ملتی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اصلاحی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صاحب منقطع حدیث کو بھی قبول کر لیتے ہیں۔ اس لئے کہ اس کا متن عقلاً قابل قبول ہے جبکہ محدثین پر اعتراض ہے کہ وہ سند کو غیر معمولی اہمیت دیتے ہیں اور درایت سے کام نہیں لیتے، عقل کو استعمال نہیں کرتے، حالانکہ محدثین کرام نے جہاں روایت کے اصول وضوابط وضع کئے ہیں وہاں درایت کے لئے قواعد بھی مقرر کئے ہیں اور انہی اصول وضوابط کو اصول حدیث کے عظیم علم میں سمودیا گیا۔ اور اس میں بھی عقل کو استعمال کیا گیا ہے۔ علامہ معلّمی یمانی فرماتے ہیں: محدثین کرام نے عقل کو چار موقعوں پر استعمال کیا ہے:۔ سماع حدیث کے موقع پر، حدیث کو بیان کرتے ہوئے، راویوں پر حکم لگاتے ہوئے اور احادیث پر حکم لگاتے ہوئے۔"(۹۳)

حقیقت یہ ہے کہ محدثین کا معیار بہت باریک بینی اور شدت احتیاط پر مبنی ہے۔ وہ قبول حدیث کے لئے پہلے راویوں کا جائزہ لیتے ہیں اگر اس میں کوئی ضعیف راوی نظر آجائے تو سند رد کردیتے ہیں اگر چہ یہ متن صحیح ہو اس لئے کہ ان کے نزدیک متن اور سند دونوں کا صحیح ہونا ضروری ہے صرف ایک کا صحیح ہونا قبول حدیث کے لئے کافی نہیں ہے۔

جہاں تک اسناد کی اہمیت کا تعلق ہے تو یہ بات عہد صحابہ ہی میں اپنی حیثیت تسلیم کرواچکی تھی کہ کوئی بھی حدیث، سند کو پرکھے بغیر قبول نہیں کرنی چاہیے۔ اسناد کا علم تو وہ علم ہے جس پر مسلمان بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں کہ ان کے تمام علوم اور خاص طور پر علم حدیث سند سے ثابت ہے اور کوئی بھی شخص ان اسانید کو علم رجال اور علم جرح وتعدیل کے ذریعے پرکھ سکتا ہے۔

اگر مولانا اصلاحیؒ کے ذوقی معیار حدیث کے صحیح اور غلط ہونے کو حقیقی معیار تسلیم کرلیا جائے تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا حضرت عمرؓ کا ذوق حدیث کمزور تھا کہ جنہوں نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کی "استیذان ثلاث" والی حدیث کو دوسری شہادت کے بغیر قبول نہیں کیا۔ کیا محدثین کرام اس ذوق حدیث سے محروم تھے؟ کیا ان میں روح اسلام اور روح محمدی جاگزیں نہ تھی۔

کیا تابعین عظام اور ان کے بعد ان کے شاگرد محدثین امام بخاری، مسلم، ابوداؤد، اور ان جیسے دیگر محدثین اس مزعومہ ذوق کے حامل نہ تھے یا اس سے آشنا نہ تھے کہ وہ صحیح سقیم احادیث میں امتیاز پیدا کرتے۔ یا یہ کہ وہ اس ذوق کے حامل تو تھے لیکن انہوں نے دیدہ دانستہ وہ حدیثیں لکھ دیں۔ یہ کہنا دراصل منکرین حدیث کی تائید کرتا ہے۔

علاوہ ازیں یہ سوال بھی اٹھتا ہے کہ کیا کثرت مطالعہ سے جوملکہ ایک شخص میں پیدا ہوجاتا ہے کہ وہ محض اپنے خداداد ذوق اور دینی بصیرت کی جداجدا ہوتا ہے پھر مختلف النوع ذوق وبصیرت کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حامل شخص میں سے کس کے بارے میں کہا جائے گا کہ اس کی بصیرت، بصیرتِ محمدی میں گم ہو چکی ہے اور وہ مزاج شناس رسول بن چکا ہے اس لئے اس کا فرمودہ، فرمودۂ محمدی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ حق کسی ایک شخص کو نہیں دیا جا سکتا کہ اس کی بصیرت، بصیرت محمدی سے مستفاد ہے اور دوسرے شخص کی بصیرت کو یہ درجہ حاصل نہیں ہے۔ اگر حدیث اس کے خیال اور مسلک کے موافق ہے تو صحیح ورنہ غلط۔ اگر کوئی کم نظر اعتراض کر بیٹھے کہ جس حدیث کو غلط کہا جا رہا ہے وہ اصول روایت کے لحاظ سے بالکل صحیح ہے تو کہہ دے گا کہ فن روایت کی ممارست سے جو ملکہ مجھ کو حاصل ہوا ہے اس کی رو سے یہ حدیث مزاج اسلام کے مطابق نہیں ہے اس لئے غلط ہے عقیدت کی دنیا میں ممکن ہے کہ اس ذوقی دلیل کو باوزن مان لیا جائے لیکن علم وفن کی نگاہ میں اس دلیل کی بے وزنی اور اس کا بودا پن بالکل صحیح ہے۔

خلاصہ یہ کہ جس طرح بعض لوگوں نے سند کو کافی سمجھنے میں افراط سے کام لیا۔ اسی طرح اصلاحی صاحب کا سند کو نظر انداز کرنا بھی ایک دوسری تفریط محسوس ہوتا ہے۔ احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ ذوق کے اعتبار سے یہ تو مناسب ہے کہ صحیح السند روایت کو روایتی اصولوں پر پرکھنے کے بعد لیا جائے لیکن محض ذوق کی بناپر معضل و منقطع اور مرسل احادیث کا لینا کسی طرح بھی خطرے سے خالی نہیں الا یہ کہ وہ کسی صحیح السند روایت کی تائید میں لائی جائے۔

المختصر اصلاحی صاحب کے بیان کردہ اصول محدثین وفقہاء کی عبارات سے اخذ کردہ ہیں۔ لیکن انہوں نے ان اصولوں کی جو تعبیر وتشریح کی ہے وہ علماء سلف کے اصول حدیث سے مختلف اور منفرد ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حوالہ جات


۱- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، فاران فاونڈیشن، لاہور، ص ۴۷

۲- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، فاران فاونڈیشن، لاہور، ۴۹

۳- الخطیب: الکفایۃ، بیروت، ۱۹۹۵م، ص ۴۳۰

۴- ابن القیم: اعلام الموقعین، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۲م، ۲/۳۱۴

۵- الشافعی: الام، دار المعرفۃ للطباعۃ والنشر، بیروت، ۱۹۷۳م، ۷/۴۵

۶- ملاحظہ ہو! الشافعی: الرسالہ، مطبعۃ مصطفیٰ البابی، مصر، ۱۹۴۰م، صفحات ۲۷۸ تا ۲۸۱، ۲۸۶ تا ۳۰۹، ۳۲۶، ۴۱۹، ۴۵۷ وغیرہم

۷- یونس: ۱۵

۸- الحشر: ۷

۹- الشوکانی: ارشاد الفحول، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ص ۱۰۳۳

۱۰- الشافعی: الرسالہ، مطبعۃ مصطفیٰ البابی، مصر، ص ۳۳

۱۱- القاری، ملا علی: مرقاۃ، مصر، ۱/۲۱۲

۱۲- ابوداؤد: سنن ابوداؤد، کتاب السنۃ، باب لزوم السنۃ، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۲۰۰۰، رقم الحدیث ۴۵۹۳، ص ۷۷۲

۱۳- السباعی: السنۃ ومکانتہا فی التشریع الاسلامی، (مترجم اردو)، فیصل آباد، ص ۱۶۳

۱۴- فاطر: ۱۸

۱۵ البخاری: الجامع الصحیح، کتاب الجنائز، باب قول النبی یعذب میت، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۲۰۰۰، رقم الحدیث ۱۲۸۸، ص ۲۳۳

۱۶- مسلم: الجامع الصحیح، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، باب ابتداء الخلق، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۲۰۰۰، رقم الحدیث، ص ۱۱۸۰

۱۷- الاعراف: ۷

۱۸- حٰم السجدہ: ۹، ۱۰

۱۹- ابن الجوزی: کتاب الموضوعات، محمد سعید اینڈ سنز، کراچی، ۱۹۶۸، ۱/۱۱۴

۲۰- ابن الجوزی: کتاب الموضوعات، محمد سعید اینڈ سنز کراچی، ۱۹۶۸، ۱/۱۰۳


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۱- القاری، ملاعلی: الموضوعات الکبریٰ، دارالامانۃ، بیروت، ۱۹۶۱ء، ص ۴۵۶

۲۲- ابوداؤد: السنن، کتاب النکاح، باب فی الولی، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۲۰۰۰، رقم ۲۰۸۵، ص ۳۵۵

۲۳- ابوداؤد: السنن، کتاب النکاح، باب فی الولی، رقم الحدیث، ۲۰۳، ص ۳۵۵

۲۴- البقرہ: ۲۳۰

۲۵- البقرہ: ۲۲۲

۲۶- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، ص ۵۰، ۵۱

۲۷- دیکھیے! اصلاحی: مبادی تدبر قرآن، ص ۱۹۴ تا ۲۰۰

۲۸- ابن حجر: النکت علی کتاب ابن الصلاح، دارالرایۃ، الریاض، ۱۹۸۸، ۲/۸۴۷

۲۹- ابن عراق الکنانی: تنزیہ الشریعۃ، مکتبۃ القاہرۃ، مصر، ۱/۷

۳۰- القاری: المصنوع من معرفۃ الموضوع، المطبوعات الاسلامیہ، حلب، ۱۹۶۹، ص ۶۳

۳۱- (ن م)

۳۲- السیوطی: تدریب الراوی شرح تقریب النواوی، دارالفکر، بیروت، ۱۹۳۳، ص ۱۹۷

۳۳- البخاری: الجامع الصحیح، کتاب الطب، باب لا ھامۃ، رقم الحدیث ۵۷۵۷، ص ۱۰۴۷

۳۴- مسلم: الجامع الصحیح، کتاب السلام، باب لا عدوی ولا طیرۃ رقم الحدیث ۲۲۲۱ ص ۹۷۸

۳۵- البخاری: الجامع الصحیح، کتاب الطب، باب الجذام، رقم الحدیث ۵۷۰۷، ص ۱۰۴۰

۳۶- البخاری: الجامع الصحیح، کتاب الطب، باب لا صفر وھو داء یاخذ البطن، رقم الحدیث ۵۷۱۷، ص ۱۰۴۱

۳۷- ابن حجر: نزھۃ النظر، فاروقی کتب خانہ ملتان، ص ۵۶۔۵۷

۳۸- صبحی صالح: علوم الحدیث ومصطلحہ، منشورات الرضی، قم، ۱۹۵۹، ص ۱۴۸

۳۹- مسلم: الجامع الصحیح، کتاب الجنائز، باب استئذان النبی فی زیارۃ قبر امنہ، رقم الحدیث ۹۷۷، ص ۴۱۴

۴۰- ایضاً

۴۱- السباعی: السنۃ ومکانتھا فی التشریع الاسلامی، مترجم اردو، فیصل آباد، ص ۱۹۳

۴۲- مسلم: الجامع الصحیح، کتاب الحج، باب بیان وجوہ الاحرام، رقم الحدیث ۱۱۱۳، ص ۵۲۰

۴۳- مسلم: الجامع الصحیح، کتاب الحج، باب جواز التمتع، رقم الحدیث ۱۵۸، ص ۵۳۲

۴۴- ابن ماجہ: سنن ابن ماجہ، کتاب المناسک، باب طواف القارن، داراحیاء التراث العربی، ۲۰۰۰، رقم الحدیث ۲۹۷۵، ص ۵۰۷

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۵- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، ص ٦٧
۴٦- القاری: الموضوعات الکبری، ص ٤٦٢
۴۷- تقی امینی: حدیث کا درایتی معیار، قدیمی کتب خانہ کراچی، ۱۹۸٦، ص ۱۹۲
۴۸- دہلوی، عبدالعزیز: العجالۃ النافعۃ، مصر، ۱۹۸۰، ص ۹۵
۴۹- القاری: الموضوعات الکبری، ص ۱۹۹
۵۰- الموضوعات الکبری، ص ۹۴
۵۱- طاہر پٹنی: تذکرۃ الموضوعات، ادارۃ المنیریۃ، مصر، ۱۳۴۳ھ، ص ۱۴۸
۵۲- القاری: الموضوعات الکبریٰ، دارالامانہ، بیروت، ۱۹٦۱م، ص ۱۴٦
۵۳- القاری: الموضوعات الکبریٰ، ص ۴٦۳
۵۴- القاری: الموضوعات الکبریٰ، ص ۴۳۵
۵۵- طاہر پٹنی: تذکرۃ الموضوعات، ادارۃ المنیریۃ، مصر، ۱۳۴۳ھ، ص ۱۰۴
۵٦- ابن القیم: المنار المنیف، المطبوعات الاسلامیۃ، بیروت، ۱۹۸۲م، ص ٦۴
۵۷- مسلم: الجامع الصحیح، کتاب الفضائل، باب وجوب امتثال ما قالہ شرعا دون ما ذکرہ من معائش رقم ۲۳٦۲، ص ۱۰۲۵
۵۸- القاری: الموضوعات الکبریٰ، دارالامانہ، بیروت، ۱۹٦۱م، ص ۴۴۸
۵۹- الموضوعات الکبریٰ، دارالامانہ، بیروت، ۱۹٦۱م، ص ۴۵۰
٦۰- ابن القیم: المنار المنیف، المطبوعات الاسلامیۃ، بیروت، ۱۹۸۲، ص ٦۳
٦۱- المنار المنیف، ص ۱۰۰
٦۲- القاری: الموضوعات الکبریٰ، ص ۴٦۴
٦۳- تقی امینی: حدیث کا درایتی معیار، لاہور، ص ۲۰۷
٦۴- القاری: الموضوعات الکبریٰ، ص ۴۳۲
٦۵- البخاری: الجامع الصحیح، کتاب تفسیر القرآن، باب قولوا آمنا باللہ، رقم الحدیث ۴۴۸۵، ص ۷۹۰
٦٦- الذہبی: التفسیر والمفسرون، (مترجم اردو)، فیصل آباد، ۱۹۸۴، ص ۱٦، ۱٦۲
٦۷- بن خلکان: وفیات الاعیان، داراحیاء التراث العربی، ۱۹۹۷، ۲/ ۵٦۷
٦۸- ابن تیمیہ: مقدمۃ فی اصولِ التفسیر، المکتبۃ العلمیۃ، لاہور، ۱۹۸۸، ص ۱۴، ۱۵
٦۹- سورۃ ص: ۲۴

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




۷۰- البخاری: الجامع الصحیح، کتاب الجہاد، باب من طلب الولد للجہاد، رقم الحدیث ۲۸۱۹ص ۵۰۵
۷۱- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، ص ۲۷
۷۲- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، ص ۲۷
۷۳- الخطیب: الکفایۃ، بیروت، ۱۹۹۵، ص ۱۷
۷۴- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، ص ۳۷
۷۵- الخطیب: الکفایۃ، بیروت، ۱۹۹۵، ص ۴۳۲
۷۶- اشرف علی تھانوی: انتباہات مفیدہ، ص ۴۲
۷۷- ابن خلدون: المقدمۃ، مصر، ۱۹۹۳، ص ۳۸۴
۷۸- الغزالی: المنقد من الضلال بحوالہ تقی امینی: حدیث کا درایتی معیار، ص ۷۶
۷۹- سرہندی، شیخ احمد: مکتوبات، یونیورسٹی بک ایجنسی، پشاور، س ن، ۳۵/۳
۸۰- السباعی: السنۃ ومکانتھا فی التشریع الاسلامی، ص ۳۲۷
۸۱- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، ص ۶۰، ۶۱
۸۲- اصلاحی: مبادی تدبر حدیث، ص ۴۰، ۴۱
۸۳- احمد بن حنبل: المسند، باب مسند ابی سعید الساعدی، داراحیاء التراث العربی، ۲۰۰۰، رقم الحدیث، ۱۵۶۲۸، ۵۵۵/۴
۸۴- السخاوی: فتح المغیث، دار الامام الطبری، بیروت، ۱۹۹۲، ۲۷۳/۱
۸۵- فتح المغیث، ۲۷۴/۱
۸۶- الخطیب: الکفایۃ، ص ۴۳۱
۸۷- الخطیب: الکفایۃ، ص ۴۳۲
۸۸- السخاوی: فتح المغیث، ۱۱۳/۱
۸۹- ابن القیم: المنار المنیف، ۱۲۰
۹۰- شبلی نعمانی: سیرت النعمان، لاہور، س ن، ص ۲۰۱
۹۱- سید مودودی: تفہیمات، اسلامک پبلیکیشنز، لاہور، ۱۹۸۶، ۳۶۲/۱
۹۲- اصلاحی: تدبر حدیث (شرح موطا)، ادارہ تدبر قرآن وحدیث، لاہور، ۲۰۰۰، ص ۳۴۳
۹۳- اصلاحی: تدبر حدیث (شرح موطا)، ادارہ تدبر قرآن وحدیث، لاہور، ۲۰۰۰، ص ۳۴۲
۹۴- معلمی الیمانی، عبدالرحمٰن: انوار الکاشفہ، مصر، س ن، ص ۷۶


© rasailojaraid.com